4400{26}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالَ يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنُونَ ابْنَ جَعْفَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حَرْمَلَةَ عَنْ عَطَاءٍ وَسُلَيْمَانَ ابْنَيْ يَسَارٍ وَأَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُضْطَجِعًا فِي بَيْتِي كَاشِفًا عَنْ فَخِذَيْهِ أَوْ سَاقَيْهِ فَاسْتَأْذَنَ أَبُو بَكْرٍ فَأَذِنَ لَهُ وَهُوَ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ فَتَحَدَّثَ ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عُمَرُ فَأَذِنَ لَهُ وَهُوَ كَذَلِكَ فَتَحَدَّثَ ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عُثْمَانُ فَجَلَسَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَوَّى ثِيَابَهُ قَالَ مُحَمَّدٌ وَلَا أَقُولُ ذَلِكَ فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ فَدَخَلَ فَتَحَدَّثَ فَلَمَّا خَرَجَ قَالَتْ عَائِشَةُ دَخَلَ أَبُو بَكْرٍ فَلَمْ تَهْتَشَّ لَهُ وَلَمْ تُبَالِهِ ثُمَّ دَخَلَ عُمَرُ فَلَمْ تَهْتَشَّ لَهُ وَلَمْ تُبَالِهِ ثُمَّ دَخَلَ عُثْمَانُ فَجَلَسْتَ وَسَوَّيْتَ ثِيَابَكَ فَقَالَ أَلَا أَسْتَحِي مِنْ رَجُلٍ تَسْتَحِي مِنْهُ الْمَلَائِكَةُ[6209]

4400: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میرے گھر میں اپنی رانوں یا پنڈلیوں سے کپڑا ہٹائے ہوئے لیٹے تھے کہ حضرت ابو بکرؓ نے اجازت مانگی تو آپؐ نے اسی حالت میں انہیں اجازت دی۔ پھر آپؐ باتیں کرنے لگے پھر حضرت عمرؓ نے اجازت مانگی تو آپؐ نے اسی حالت میں انہیں بھی اجازت دے دی۔ پھر آپؐ باتیں کرتے رہے۔ پھر جب حضرت عثمانؓ نے اجازت مانگی تو رسول اللہ ﷺ بیٹھ گئے اور اپنے کپڑوں کو ٹھیک کیا—راوی محمد کہتے ہیں میں یہ نہیں کہتا کہ یہ سب ایک دن میں ہوا— وہ آئے باتیں کیں اور جب وہ چلے گئے تو حضرت عائشہؓ نے عرض کیا کہ ابو بکرؓ آئے لیکن ان کے لئے آپؐ نے کوئی خاص خیال نہ کیا۔ پھر عمرؓ آئے تو ان کے لئے بھی آپؐ نے کوئی خاص خیال نہ کیا لیکن جب عثمانؓ اندر آئے تو آپؐ بیٹھ گئے اور اپنے کپڑے ٹھیک کرنے لگے! اس پر آپؐ نے فرمایا کیا میں اس شخص کا لحاظ نہ کروں جس سے فرشتے حیا کرتے ہیں۔

4400 : اطراف : مسلم كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عثمان ابن عفان 4401

تخریج : بخاری كتاب فضائل اصحاب النبیؐ باب مناقب عثمان 3695

4401{27}حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْعَاصِ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعُثْمَانَ حَدَّثَاهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ اسْتَأْذَنَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ عَلَى فِرَاشِهِ لَابِسٌ مِرْطَ عَائِشَةَ فَأَذِنَ لِأَبِي بَكْرٍ وَهُوَ كَذَلِكَ فَقَضَى إِلَيْهِ حَاجَتَهُ ثُمَّ انْصَرَفَ ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عُمَرُ فَأَذِنَ لَهُ وَهُوَ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ فَقَضَى إِلَيْهِ حَاجَتَهُ ثُمَّ انْصَرَفَ قَالَ عُثْمَانُ ثُمَّ اسْتَأْذَنْتُ عَلَيْهِ فَجَلَسَ وَقَالَ لِعَائِشَةَ اجْمَعِي عَلَيْكِ ثِيَابَكِ فَقَضَيْتُ إِلَيْهِ حَاجَتِي ثُمَّ انْصَرَفْتُ فَقَالَتْ عَائِشَةُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَالِي لَمْ أَرَكَ فَزِعْتَ لِأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا كَمَا فَزِعْتَ لِعُثْمَانَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ عُثْمَانَ رَجُلٌ حَيِيٌّ وَإِنِّي خَشِيتُ إِنْ أَذِنْتُ لَهُ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ أَنْ لَا يَبْلُغَ إِلَيَّ فِي حَاجَتِهِ و حَدَّثَنَاه عَمْرٌو النَّاقِدُ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ كُلُّهُمْ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ

4401: حضرت عائشہؓ اور حضرت عثمانؓ نے بیان کیا کہ حضرت ابوبکرؓ نے رسول اللہ ﷺ سے اجازت مانگی۔ اس وقت آپؐ حضرت عائشہؓ کی چادر لئے ہوئے اپنے بستر پر لیٹے ہوئے تھے۔ آپؐ نے حضرت ابوبکرؓ کو اجازت دی اور آپؐ اسی حال میں رہے۔ انہیں آپؐ سے جو کام تھا وہ کیا اور چلے گئے۔ پھر حضرت عمرؓ نے اجازت مانگی تو آپؐ نے ان کو اجازت دی اور آپؐ اسی حال میں رہے حضرت عمرؓ کو حضورؐ سے جو کام تھا اس سے فارغ ہوئے اور چلے گئے۔ حضرت عثمانؓ کہتے ہیں پھر میں نے آپؐ سے اجازت مانگی تو آپؐ بیٹھ گئے اور آپؐ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا کہ اپنے کپڑے کو اپنے اوپر سمیٹ لو۔ حضرت عثمانؓ کہتے ہیں پھر مجھے آپؐ سے جو کام تھا اس سے فارغ ہوا تو حضرت عائشہؓ نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! کیا بات ہے کہ حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ کی دفعہ آپؐ نے کوئی خاص خیال نہ کیا جس طرح آپؐ نے عثمانؓ کے لئے خیال کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عثمانؓ حیادار طبیعت رکھتا ہے اس لئے میں ڈرا کہ اس حالت میں اگر اسے اجازت دیتا تو شاید وہ اپنا مقصد بیان نہ کر پاتا۔

4401 : اطراف : مسلم كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عثمان ابن عفان 4400
تخریج : بخاری كتاب فضائل اصحاب النبیؐ باب مناقب عثمان 3695

إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْعَاصِ أَخْبَرَهُ أَنَّ عُثْمَانَ وَعَائِشَةَ حَدَّثَاهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ اسْتَأْذَنَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ [6211,6210]

4402{28} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى الْعَنَزِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ غِيَاثٍ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ بَيْنَمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَائِطٍ مِنْ حَائِطِ الْمَدِينَةِ وَهُوَ مُتَّكِئٌ يَرْكُزُ بِعُودٍ مَعَهُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّينِ إِذَا اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ فَقَالَ افْتَحْ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ قَالَ فَإِذَا أَبُو بَكْرٍ فَفَتَحْتُ لَهُ وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ قَالَ ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ افْتَحْ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ قَالَ فَذَهَبْتُ فَإِذَا هُوَ عُمَرُ فَفَتَحْتُ لَهُ وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ آخَرُ قَالَ فَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ افْتَحْ

4402: حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ مدینہ کے دیوار والے باغوں میں سے ایک باغ میں ٹیک لگائے ہوئے تشریف فرما تھے اور چھڑی جو آپؐ کے پاس تھی سے پانی اور مٹی میں سہارا لئے ہوئے تھے کہ ایک شخص نے دروازہ کھلوانا چاہا۔ اس پر آپؐ نے فرمایا کھول دو اور اسے جنت کی بشارت دو۔ راوی کہتے ہیں وہ حضرت ابوبکرؓ تھے پس میں نے ان کے لئے دروازہ کھولا اور انہیں جنت کی بشارت دی۔ راوی کہتے ہیں پھر کسی آدمی نے دروازہ کھلوانا چاہا۔ اس پر آپؐ نے فرمایا کھول دو اور اسے جنت کی بشارت دو۔ راوی کہتے ہیں وہ حضرت عمرؓ تھے پس میں نے ان کیلئے دروازہ کھولا اور انہیں جنت کی بشارت دی۔ راوی کہتے ہیں پھر کسی آدمی

4402 : **اطراف** : **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عثمان ابن عفان 4403

تخريج : **بخارى** كتاب فضائل اصحاب النبى ﷺ باب قول النبى ﷺ لو كنت متخذا خليلا 3674 باب مناقب عمر بن الخطاب.........3693 باب مناقب عثمان بن عفان.........3695 كتاب الادب باب نكت العود فى الماء والطين 6216 كتاب الفتن باب الفتنة التى تموج كموج البحر 7097 كتاب اخبار الآحاد باب قول الله تعالىٰ لا تدخلوا بيوت النبى ﷺ.........7262 **ترمذى** كتاب المناقب باب فى مناقب عثمان بن عفان.........3710

وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلَى بَلْوَى تَكُونُ قَالَ فَذَهَبْتُ فَإِذَا هُوَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ قَالَ فَفَتَحْتُ وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ قَالَ وَقُلْتُ الَّذِي قَالَ فَقَالَ اللَّهُمَّ صَبْرًا أَوِ اللَّهُ الْمُسْتَعَانُ حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ حَائِطًا وَأَمَرَنِي أَنْ أَحْفَظَ الْبَابَ بِمَعْنَى حَدِيثِ عُثْمَانَ بْنِ غِيَاثٍ[6213,6212]

نے دروازہ کھلوانا چاہا۔ راوی کہتے ہیں (اس وقت) نبی ﷺ بیٹھ گئے اور فرمایا کھول دو اور اس کو جنت کی بشارت دو اس مصیبت کے ساتھ جو واقع ہوگی۔ راوی کہتے ہیں کہ میں گیا تو وہ حضرت عثمانؓ بن عفان تھے۔ راوی کہتے ہیں میں نے (دروازہ) کھولا اور انہیں جنت کی بشارت دی اور جو آپؐ نے فرمایا میں نے آپؐ سے کہہ دیا۔ وہ کہتے ہیں اس پر حضرت عثمانؓ نے کہا اے اللہ! صبر کی توفیق دے یا کہا اللہ ہی ہے جس سے مدد مانگی جاتی ہے۔ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک باغ میں داخل ہوئے اور مجھے دروازہ کی حفاظت پر مامور فرمایا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔

4403{29} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِينٍ الْيَمَامِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ وَهُوَ ابْنُ بِلَالٍ عَنْ شَرِيكِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَخْبَرَنِي أَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ أَنَّهُ تَوَضَّأَ فِي بَيْتِهِ ثُمَّ خَرَجَ فَقَالَ لَأَلْزَمَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَأَكُونَنَّ مَعَهُ يَوْمِي هَذَا قَالَ فَجَاءَ

4403: سعید بن مسیّب سے روایت ہے کہ مجھے حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے بتایا کہ انہوں نے اپنے گھر میں وضوء کیا اور پھر باہر نکلے اور کہا کہ میں ضرور رسول اللہ ﷺ کی معیت میں رہوں گا اور آج سارا دن آپؐ کے ساتھ رہوں گا۔ وہ (سعیدؒ) کہتے ہیں پھر وہ (حضرت ابوموسیٰؓ) مسجد میں آئے اور نبی ﷺ کے بارہ میں پوچھا تو لوگوں نے بتایا کہ آپؐ باہر

4403: اطراف : مسلم كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عثمان ابن عفان 4402

تخريج : بخاری كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب قول النبی ﷺ لو كنت متخذا خليلا 3674 باب مناقب عمر بن الخطاب.........3693 باب مناقب عثمان بن عفان.........3695 كتاب الادب باب نكت العود فی الماء والطين 6216 كتاب الفتن باب الفتنة التی تموج كموج البحر 7097 كتاب اخبار الآحاد باب قول الله تعالىٰ لا تدخلوا بيوت النبی ﷺ.........7262 **ترمذی** كتاب المناقب باب فی مناقب عثمان بن عفان...3710

الْمَسْجِدَ فَسَأَلَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا خَرَجَ وَجَّهَ هَاهُنَا قَالَ فَخَرَجْتُ عَلَى إِثْرِهِ أَسْأَلُ عَنْهُ حَتَّى دَخَلَ بِئْرَ أَرِيسٍ قَالَ فَجَلَسْتُ عِنْدَ الْبَابِ وَبَابُهَا مِنْ جَرِيدٍ حَتَّى قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجَتَهُ وَتَوَضَّأَ فَقُمْتُ إِلَيْهِ فَإِذَا هُوَ قَدْ جَلَسَ عَلَى بِئْرِ أَرِيسٍ وَتَوَسَّطَ قُفَّهَا وَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ وَدَلَّاهُمَا فِي الْبِئْرِ قَالَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ ثُمَّ انْصَرَفْتُ فَجَلَسْتُ عِنْدَ الْبَابِ فَقُلْتُ لَأَكُونَنَّ بَوَّابَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْيَوْمَ فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ فَدَفَعَ الْبَابَ فَقُلْتُ مَنْ هَذَا فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ فَقُلْتُ عَلَى رِسْلِكَ قَالَ ثُمَّ ذَهَبْتُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ هَذَا أَبُو بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ فَقَالَ ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ قَالَ فَأَقْبَلْتُ حَتَّى قُلْتُ لِأَبِي بَكْرٍ ادْخُلْ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَشِّرُكَ بِالْجَنَّةِ قَالَ فَدَخَلَ أَبُو بَكْرٍ فَجَلَسَ عَنْ يَمِينِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ فِي الْقُفِّ وَدَلَّى رِجْلَيْهِ فِي الْبِئْرِ كَمَا صَنَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ ثُمَّ رَجَعْتُ فَجَلَسْتُ وَقَدْ تَرَكْتُ أَخِي يَتَوَضَّأُ

تشریف لے گئے ہیں اوراس طرف گئے ہیں ۔وہ (حضرت ابوموسیٰؓ) کہتے ہیں تو میں آپؐ کے پیچھے پیچھے چلتا ہوا آپؐ کے بارہ میں پوچھتا ہوا نکلا یہانتک کہ آپؐ بئر اریس پرتشریف لے گئے۔وہ (حضرت ابوموسیٰؓ) کہتے ہیں میں دروازہ کے پاس بیٹھ گیا اس کا دروازہ کھجور کی شاخوں کا تھا یہانتک کہ رسول اللہ ﷺ اپنی ضرورت سے فارغ ہوئے اور وضوء کیا تو میں آپؐ کے پاس گیا۔آپؐ بِئْرِ اَرِیْس پر بیٹھے ہوئے تھے اوراس کی منڈیر کے وسط میں تھے۔آپؐ نے اپنی پنڈلیوں سے کپڑا ہٹایا اورانہیں کنویں میں لٹکا دیا۔حضرت ابوموسیٰؓ کہتے ہیں پھر میں نے آپؐ کی خدمت میں سلام عرض کیا پھر واپس مڑااور دروازے کے پاس بیٹھ گیااور میں نے کہا کہ آج میں ضرور رسول اللہ ﷺ کا دربان بنوں گا۔اس دوران حضرت ابوبکرؓ آئے اورانہوں نے دروازہ کودھکا دیا۔میں نے کہا کون ہے؟ انہوں نے کہا ابوبکرؓ۔میں نے کہا ٹھہریئے۔حضرت ابوموسیٰؓ کہتے ہیں میں گیااورعرض کیا یا رسولؐ اللہ! ابوبکرؓ اجازت مانگتے ہیں۔آپؐ نے فرمایاانہیں اجازت دو اور جنت کی خوشخبری دو۔حضرت ابوموسیٰؓ کہتے ہیں میں گیا اور میں نے حضرت ابوبکرؓ سے کہا کہ اندر آجائیں،رسول اللہ ﷺ آپؓ کو جنت کی بشارت دیتے ہیں۔حضرت ابوموسیٰؓ کہتے ہیں پھر حضرت ابوبکرؓ

وَيَلْحَقُنِي فَقُلْتُ إِنْ يُرِدِ اللَّهُ بِفُلَانٍ يُرِيدُ أَخَاهُ خَيْرًا يَأْتِ بِهِ فَإِذَا إِنْسَانٌ يُحَرِّكُ الْبَابَ فَقُلْتُ مَنْ هَذَا فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقُلْتُ عَلَى رِسْلِكَ ثُمَّ جِئْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَقُلْتُ هَذَا عُمَرُ يَسْتَأْذِنُ فَقَالَ ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَجِئْتُ عُمَرَ فَقُلْتُ أَذِنَ وَيُبَشِّرُكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجَنَّةِ قَالَ فَدَخَلَ فَجَلَسَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقُفِّ عَنْ يَسَارِهِ وَدَلَّى رِجْلَيْهِ فِي الْبِئْرِ ثُمَّ رَجَعْتُ فَجَلَسْتُ فَقُلْتُ إِنْ يُرِدِ اللَّهُ بِفُلَانٍ خَيْرًا يَعْنِي أَخَاهُ يَأْتِ بِهِ فَجَاءَ إِنْسَانٌ فَحَرَّكَ الْبَابَ فَقُلْتُ مَنْ هَذَا فَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَقُلْتُ عَلَى رِسْلِكَ قَالَ وَجِئْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ مَعَ بَلْوَى تُصِيبُهُ قَالَ فَجِئْتُ فَقُلْتُ ادْخُلْ وَيُبَشِّرُكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجَنَّةِ مَعَ بَلْوَى تُصِيبُكَ قَالَ فَدَخَلَ فَوَجَدَ الْقُفَّ قَدْ مُلِئَ فَجَلَسَ وِجَاهَهُمْ مِنَ الشِّقِّ الْآخَرِ قَالَ شَرِيكٌ فَقَالَ سَعِيدُ بْنُ

اندر آئے اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ آپؐ کے دائیں طرف کنویں کی منڈیر پر بیٹھ گئے اور اپنے دونوں پاؤں کنویں میں لٹکا دیئے جیسے نبی ﷺ نے کیا تھا اور اپنی پنڈلیوں سے کپڑا ہٹالیا پھر میں واپس آیا اور بیٹھ گیا میں اپنے بھائی کو وضوء کرتے چھوڑ آیا تھا وہ مجھ سے آ ملنے والا تھا۔ پھر میں نے کہا کہ اگر اللہ نے فلاں کے لئے بھلائی کا ارادہ کیا تو اسے لے آئے گا۔ اس سے ان کی مراد اُن کا بھائی تھا۔ اس دوران کوئی آدمی دروازہ کو حرکت دینے لگا تو میں نے پوچھا کہ کون ہے؟ انہوں نے کہا عمرؓ بن خطابؓ۔ میں نے کہا ٹھہریئے۔ پھر میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آیا۔ آپؐ کو سلام عرض کیا اور کہا کہ عمرؓ اجازت طلب کرتے ہیں۔ اس پر آپؐ نے فرمایا اسے اجازت دے دو اور جنت کی بشارت دو۔ پھر میں حضرت عمرؓ کے پاس آیا اور کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے اجازت دی ہے اور آپؓ کو جنت کی خوشخبری دیتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ وہؓ اندر آئے اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ آپؐ کے بائیں طرف کنویں کی منڈیر پر بیٹھ گئے اور اپنے دونوں پاؤں کنویں میں لٹکا دیئے۔ پھر میں واپس آیا اور بیٹھ گیا اور میں نے کہا کہ اگر اللہ نے فلاں کی بہتری چاہی تو اسے لے آئے گا یعنی ان کا بھائی۔ اس دوران کوئی آدمی آیا اور دروازہ کو حرکت دی۔ میں نے کہا کون ہے؟ انہوں نے کہا

الْمُسَيَّبِ فَأَوَّلْتُهَا قُبُورَهُمْ و حَدَّثَنيه أَبُوبَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ حَدَّثَنِي شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُولُ حَدَّثَنِي أَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ هَاهُنَا وَأَشَارَ لِي سُلَيْمَانُ إِلَى مَجْلِسِ سَعِيدٍ نَاحِيَةَ الْمَقْصُورَةِ قَالَ أَبُو مُوسَى خَرَجْتُ أُرِيدُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْتُهُ قَدْ سَلَكَ فِي الْأَمْوَالِ فَتَبِعْتُهُ فَوَجَدْتُهُ قَدْ دَخَلَ مَالًا فَجَلَسَ فِي الْقُفِّ وَكَشَفَ عَنْ سَاقَيْهِ وَدَلَّاهُمَا فِي الْبِئْرِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمَعْنَى حَدِيثِ يَحْيَى بْنِ حَسَّانَ وَلَمْ يَذْكُرْ قَوْلَ سَعِيدٍ فَأَوَّلْتُهَا قُبُورَهُمْ حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ قَالَا حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَرْيَمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي كَثِيرٍ أَخْبَرَنِي شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا إِلَى حَائِطٍ بِالْمَدِينَةِ

عثمانؓ بن عفان۔ میں نے کہا ٹھہریں۔ راوی کہتے ہیں میں نبی ﷺ کے پاس آیا اور آپؐ کو ان کے بارہ میں بتایا تو آپؐ نے فرمایا کہ اسے اجازت دے دو۔ ایک مصیبت کے ساتھ جو اسے پہنچے گی اس کو جنت کی خوشخبری دے دو۔ راوی کہتے ہیں میں آیا اور کہا کہ اندر آجائیں اور رسول اللہ ﷺ آپؓ کو ایک مصیبت کے ساتھ جو آپؓ کو پہنچے گی جنت کی بشارت دیتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں پھر حضرت عثمانؓ اندر آئے اور کنویں کی منڈیر کو بھرا ہوا پایا۔ اس لئے ان کے سامنے دوسرے حصہ پر بیٹھ گئے۔ شریک کہتے ہیں کہ سعید بن مسیّب نے کہا کہ میں نے اس سے ان کی قبروں کی تاویل کی۔ ایک اور روایت میں سعید بن مسیّب کہتے ہیں حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے بتایا کہ اس طرف اور (راوی) سلیمان نے میرے لئے مقصورہ کی سمت میں سعید کے بیٹھنے کی جگہ کی طرف اشارہ کیا۔ حضرت ابوموسیٰؓ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی تلاش میں نکلا۔ میں نے آپؐ کو کھیتوں میں سے گذرتے ہوئے پایا چنانچہ میں آپؐ کے پیچھے ہولیا۔ پھر میں نے آپؐ کو ایک باغ میں داخل ہوتے ہوئے پایا۔ پھر آپؐ کنویں کی منڈیر پر بیٹھ گئے اور اپنی پنڈلیوں سے کپڑا ہٹالیا اور انہیں کنویں میں لٹکایا۔ حضرت ابوموسیٰؓ اشعری سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک دن اپنی ضرورت کے لئے

لِحَاجَتِهِ فَخَرَجْتُ فِي إِثْرِهِ وَاقْتَصَّ الْحَدِيثَ بِمَعْنَى حَدِيثِ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ وَذَكَرَ فِي الْحَدِيثِ قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ فَتَأَوَّلْتُ ذَلِكَ قُبُورَهُمْ اجْتَمَعَتْ هَاهُنَا وَانْفَرَدَ عُثْمَانُ[6216,6215,6214]

مدینہ کے کسی باغ میں تشریف لائے میں بھی آپؐ کے پیچھے پیچھے چلنے لگا۔باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے اور روایت میں یہ ذکر بھی ہے کہ ابن مسیّب نے کہا کہ میں نے اس (واقعہ) سے ان کی قبروں کی تاویل کی ان سب کی قبریں اکٹھی بنیں لیکن حضرت عثمانؓ کی قبر الگ بنی۔

[4]50:بَاب مِنْ فَضَائِلِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے کچھ فضائل کا بیان

4404{30} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ وَأَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ وَعُبَيْدُ اللَّهِ الْقَوَارِيرِيُّ وَسُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ كُلُّهُمْ عَنْ يُوسُفَ بْنِ الْمَاجِشُونِ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا يُوسُفُ أَبُو سَلَمَةَ الْمَاجِشُونُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ

4404: عامر بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا کہ تم میرے لئے ایسے ہو جیسے موسیٰؑ کے لئے ہارونؑ سوائے اس کے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں☆۔ سعید کہتے ہیں کہ میں نے چاہا کہ میں حضرت سعدؓ سے بالمشافہ یہ بات سنوں۔ پس میں حضرت سعدؓ سے ملا اور ان کو وہ بات بتائی جو عامر نے مجھے بتائی تھی انہوں نے کہا کہ میں نے خود آپؐ سے (یہ بات) سنی ہے۔میں نے کہا کیا آپؓ نے

4404: **اطراف**: **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابن ابی طالب 4405، 4406، 4407، 4408، 4409، 4410
تخریج : **بخاری** کتاب الجهاد والسیر باب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوة 2942 باب ما قیل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم علی یدیه رجل 3009 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علی بن ابی طالب... 3701، 3702، 3706 کتاب المغازی باب غزوة خیبر 4209، 4210 باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **ترمذی** کتاب المناقب باب علی بن ابی طالب... 3724، 3730، 3731 **ابن ماجه** مقدمه باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل علی بن ابی طالب 115

☆ یہ مدنظر رہے کہ حضور ﷺ نے عیسیٰ علیہ السلام کے آنے کی بشارت دی ہے اور ان کو نبی اللہ کے لفظ سے ذکر کیا ہے۔
(مسلم کتاب الفتن واشراط الساعة باب ذکر الدجال وصفته وما معه)

بَعْدِي قَالَ سَعِيدٌ فَأَحْبَبْتُ أَنْ أُشَافِهَ بِهَا سَعْدًا فَلَقِيتُ سَعْدًا فَحَدَّثْتُهُ بِمَا حَدَّثَنِي [بِهِ] عَامِرٌ فَقَالَ أَنَا سَمِعْتُهُ فَقُلْتُ آنْتَ سَمِعْتَهُ فَوَضَعَ إِصْبَعَيْهِ عَلَى أُذُنَيْهِ فَقَالَ نَعَمْ وَإِلَّا فَاسْتَكَّتَا [6217]

خود حضور ﷺ سے سنا ہے؟ تو انہوں نے اپنی دونوں انگلیوں کو اپنے کانوں پر رکھا اور کہا ہاں، اگر ایسا نہیں ہے تو یہ دونوں کان بہرے ہو جائیں۔

4405{31} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ خَلَّفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ تُخَلِّفُنِي فِي النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ فَقَالَ أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى غَيْرَ أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ [6219,6218]

4405: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابی طالبؓ کو غزوۂ تبوک میں پیچھے چھوڑا۔ انہوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ مجھے عورتوں اور بچوں میں پیچھے چھوڑے جاتے ہیں؟ اس پر آپؐ نے فرمایا کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تم میرے لئے ایسے ہو جیسے موسیٰؑ کے لئے ہارونؑ سوائے اس کے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

4405 : **اطراف: مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابن ابی طالب 4404 ، 4406 ، 4407، 4408 ، 4409 4410

تخريج : بخارى كتاب الجهاد والسير باب دعاء النبی ﷺ الى الاسلام والنبوة 2942 باب ما قيل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم على يديه رجل 3009 كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب على بن ابی طالب...3701 ، 3702 ، 3706 كتاب المغازى باب غزوة خيبر 4209 ، 4210 باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **ترمذى** كتاب المناقب باب على بن ابی طالب.... 3724 ، 3730 ، 3731 **ابن ماجه** مقدمه باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل على بن ابی طالب 115

4406{32}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَتَقَارَبَا فِي اللَّفْظِ قَالَا حَدَّثَنَا حَاتِمٌ وَهُوَ ابْنُ إِسْمَعِيلَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ مِسْمَارٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَمَرَ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ سَعْدًا فَقَالَ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَسُبَّ أَبَا التُّرَابِ فَقَالَ أَمَّا مَا ذَكَرْتُ ثَلَاثًا قَالَهُنَّ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَنْ أَسُبَّهُ لَأَنْ تَكُونَ لِي وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَهُ خَلَّفَهُ فِي بَعْضِ مَغَازِيهِ فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ يَا رَسُولَ اللَّهِ خَلَّفْتَنِي مَعَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى إِلَّا أَنَّهُ لَا نُبُوَّةَ بَعْدِي وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ يَوْمَ خَيْبَرَ لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيُحِبُّهُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ قَالَ فَتَطَاوَلْنَا لَهَا فَقَالَ ادْعُوا لِي

4406: عامر بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ معاویہ بن ابی سفیان نے حضرت سعدؓ کو حکم دیا اور کہا کہ تمہیں ابو تراب کو برا بھلا کہنے سے کس چیز نے روکے رکھا؟ اس پر حضرت سعدؓ نے کہا بات یہ ہے کہ جو تین باتیں مجھے یاد ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے ان کو کہیں تھیں۔ اس لئے میں ان کو کبھی برا بھلا نہیں کہوں گا۔ اگر ان میں سے ایک بات بھی مجھے نصیب ہو جائے تو مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ پیاری ہے۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ان سے فرماتے ہوئے سنا جب کہ آپؐ نے انہیں ایک غزوہ میں پیچھے چھوڑا تو حضرت علیؓ نے آپؐ کی خدمت میں عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ مجھے عورتوں اور بچوں میں پیچھے چھوڑ رہے ہیں۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا کیا تم اس پر خوش نہیں کہ تم میرے لئے ایسے ہی ہو جیسے موسیٰؑ کے لئے ہارونؑ سوائے اس کے کہ میرے بعد نبوت نہیں ہے اور میں نے خیبر کے دن آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آج میں ضرور اس شخص کو جھنڈا دوں گا جو اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت رکھتا ہے اور اللہ اور اس کا رسولؐ اس سے محبت رکھتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں پس ہم اس (جھنڈے) کے لئے

4406 :اطراف:**مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابن ابی طالب 4404 ، 4405 ، 4407، 4408 ، 4409،4410
تخریج : بخاری کتاب الجهاد والسیر باب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوة 2942 باب ما قيل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم علی یدیه رجل 3009 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علی بن ابی طالب...3701، 3702، 3706 کتاب المغازی باب غزوة خیبر 4209، 4210 باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **ترمذی** كتاب المناقب باب علی بن ابی طالب.... 3724، 3730، 3731 **ابن ماجه** مقدمه باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل علی بن ابی طالب 115

عَلِيًّا فَأُتِيَ بِهِ أَرْمَدَ فَبَصَقَ فِي عَيْنِهِ وَدَفَعَ الرَّايَةَ إِلَيْهِ فَفَتَحَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَلَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ دَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا فَقَالَ اللَّهُمَّ هَؤُلَاءِ أَهْلِي [6220]

گردنیں اٹھا اٹھا کر دیکھنے لگے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا علیؓ کو میرے پاس بلاؤ چنانچہ حضرت علیؓ کو لایا گیا انہیں آشوب چشم کی تکلیف تھی۔ حضورؐ نے ان کی آنکھوں میں لعاب دہن لگایا اور جھنڈا ان کو دے دیا۔ اور اللہ نے ان کے ذریعہ فتح دی اور جب یہ آیت نازل ہوئی فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَاءَ نَا وَاَبْنَاءَ كُمْ تو کہہ دے کہ آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلاتے ہیں تم اپنے بیٹوں کو بلاؤ۔☆ تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ، حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کو بلایا اور فرمایا اے اللہ! یہ میرے اہل ہیں۔

4407 {...} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ بْنَ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لِعَلِيٍّ أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى [6221]

4407: حضرت سعدؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا کیا تم اس پر خوش نہیں کہ تم میرے لئے ایسے ہو جیسے موسیٰؑ کے لئے ہارونؑ۔

☆(آل عمران :62)

4407 :**اطراف**:**مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابن ابی طالب 4404 ، 4405 ، 4406، 4408 ، 4409، 4410

تخریج : **بخاری** کتاب الجهاد والسیرباب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوة 2942 باب ما قیل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم علی یدیه رجل 3009 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علی بن ابی طالب... 3701، 3702، 3706 کتاب المغازی باب غزوة خیبر 4209، 4210 باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **ترمذی** کتاب المناقب باب علی بن ابی طالب...... 3724، 3730، 3731 **ابن ماجه** مقدمه باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل علی بن ابی طالب 115

4408{33}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقَارِيَّ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ خَيْبَرَ لَأُعْطِيَنَّ هَذِهِ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يَفْتَحُ اللَّهُ عَلَى يَدَيْهِ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مَا أَحْبَبْتُ الْإِمَارَةَ إِلَّا يَوْمَئِذٍ قَالَ فَتَسَاوَرْتُ لَهَا رَجَاءَ أَنْ أُدْعَى لَهَا قَالَ فَدَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ فَأَعْطَاهُ إِيَّاهَا وَقَالَ امْشِ وَلَا تَلْتَفِتْ حَتَّى يَفْتَحَ اللَّهُ عَلَيْكَ قَالَ فَسَارَ عَلِيٌّ شَيْئًا ثُمَّ وَقَفَ وَلَمْ يَلْتَفِتْ فَصَرَخَ يَا رَسُولَ اللَّهِ عَلَى مَاذَا أُقَاتِلُ النَّاسَ قَالَ قَاتِلْهُمْ حَتَّى يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ فَإِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ فَقَدْ مَنَعُوا مِنْكَ دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللَّهِ [6222]

4408: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے دن فرمایا کہ میں یہ جھنڈا ضرور اس شخص کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے، اللہ اس کے ہاتھوں پر فتح دے گا۔ حضرت عمرؓ بن خطاب کہتے ہیں میں نے اس دن کے علاوہ کبھی امارت کی خواہش نہیں کی۔ حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے آپؐ کو اونچا کیا اس اُمید پر کہ مجھے اس عَلَم کے لئے بلایا جائے گا۔ راوی کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابی طالبؓ کو بلایا اور انہیں وہ عطا فرمایا اور فرمایا چلو اور ادھر ادھر توجہ نہ کرنا یہانتک کہ اللہ تمہیں فتح دے دے۔ راوی کہتے ہیں پھر حضرت علیؓ کچھ چلے پھر رک گئے اور (ادھر ادھر) توجہ نہ کی پھر بآواز بلند عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں لوگوں سے کس بات پر لڑوں؟ آپؐ نے فرمایا ان سے لڑو یہانتک کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔ پس اگر وہ ایسا کریں تو انہوں نے اپنے خون اور اموال کو –سوائے کسی حق کے– تجھ سے محفوظ کر لیا اور ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔

4408: اطراف: مسلم كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابن ابى طالب 4404، 4405، 4406، 4407، 4409، 4410
تخريج : بخارى كتاب الجهاد والسير باب دعاء النبى ﷺ الى الاسلام والنبوة 2942 باب ما قيل فى لواء النبى ﷺ 2975 باب فضل من اسلم على يديه رجل 3009 كتاب فضائل اصحاب النبى ﷺ باب مناقب على بن ابى طالب... 3701، 3702، 3706 كتاب المغازى باب غزوة خيبر 4209، 4210 باب غزوة تبوك وهى غزوة العسرة 4416 **ترمذى** كتاب المناقب باب على بن ابى طالب...... 3724، 3730، 3731 **ابن ماجه** مقدمه باب فى فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل على بن ابى طالب 115

4409{34}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيزِيَعْنِي ابْنَ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلٍ ح و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَاللَّفْظُ هَذَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ أَخْبَرَنِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ خَيْبَرَ لَأُعْطِيَنَّ هَذِهِ الرَّايَةَ رَجُلًا يَفْتَحُ اللَّهُ عَلَى يَدَيْهِ يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيُحِبُّهُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ قَالَ فَبَاتَ النَّاسُ يَدُوكُونَ لَيْلَتَهُمْ أَيُّهُمْ يُعْطَاهَا قَالَ فَلَمَّا أَصْبَحَ النَّاسُ غَدَوْا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّهُمْ يَرْجُونَ أَنْ يُعْطَاهَا فَقَالَ أَيْنَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَقَالُوا هُوَ يَا رَسُولَ اللَّهِ يَشْتَكِي عَيْنَيْهِ قَالَ فَأَرْسِلُوا إِلَيْهِ فَأُتِيَ بِهِ فَبَصَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عَيْنَيْهِ وَدَعَا لَهُ فَبَرَأَ حَتَّى كَأَنْ لَمْ يَكُنْ بِهِ وَجَعٌ فَأَعْطَاهُ الرَّايَةَ فَقَالَ عَلِيٌّ يَا رَسُولَ اللَّهِ أُقَاتِلُهُمْ حَتَّى يَكُونُوا مِثْلَنَا فَقَالَ انْفُذْ عَلَى رِسْلِكَ حَتَّى تَنْزِلَ

4409: حضرت سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے دن فرمایا میں ضرور یہ جھنڈا اس شخص کو دوں گا جس کے ہاتھوں پر اللہ فتح دے گا جو اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اس کا رسولؐ اس سے محبت کرتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ لوگوں نے اپنی رات یہ سوچتے اور باتیں کرتے گذاری کہ وہ ان میں سے کس کو دیا جائے گا۔ وہ کہتے ہیں جب صبح ہوئی تو لوگ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہر ایک امید لگائے بیٹھا تھا کہ (وہ علَم) اسے دیا جائے گا۔ آپؐ نے فرمایا علیؓ بن ابی طالب کہاں ہیں؟ انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! اُن کی آنکھیں دُکھتی ہیں۔ آپؐ نے فرمایا اسے بلا بھیجو۔ چنانچہ اُن (حضرت علیؓ) کو لایا گیا اور رسول اللہ ﷺ نے ان کی آنکھوں میں لعاب لگایا اور ان کے لئے دعا کی تو وہ ٹھیک ہوگئے گویا کہ انہیں کوئی تکلیف ہی نہیں تھی۔ پھر آپؐ نے انہیں جھنڈا عطا فرمایا۔ حضرت علیؓ نے کہا یا رسولؐ اللہ! میں ان سے لڑوں کہ وہ ہمارے جیسے ہو جائیں۔ آپؐ نے فرمایا تم اپنی رفتار پر چلتے جاؤ یہاں تک کہ تم ان کے

4409:**اطراف**:**مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابن ابی طالب 4404، 4405، 4406، 4407، 4408، 4410
تخریج : **بخاری** كتاب الجهاد والسير باب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوة 2942 باب ما قيل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم علی يديه رجل 3009 كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علی بن ابی طالب... 3701، 3702، 3706 كتاب المغازی باب غزوة خيبر 4209، 4210 باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **ترمذی** كتاب المناقب باب علی بن ابی طالب... 3724، 3730، 3731 **ابن ماجه** مقدمه باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل علی بن ابی طالب 115

بِسَاحَتِهِمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللَّهِ فِيهِ فَوَاللَّهِ لَأَنْ يَهْدِيَ اللَّهُ بِكَ رَجُلًا وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ يَكُونَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ [6223]

صحن میں اترو۔ پھر انہیں اسلام کی طرف بلاؤ اور انہیں بتاؤ جو اللہ کے حق میں سے ان پر واجب ہیں کیونکہ اللہ کی قسم اگر اللہ تمہارے ذریعہ سے ایک آدمی کو (بھی) ہدایت دے دے۔ وہ تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے زیادہ بہتر ہے۔

4410{35}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْمَعِيلَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ كَانَ عَلِيٌّ قَدْ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خَيْبَرَ وَكَانَ رَمِدًا فَقَالَ أَنَا أَتَخَلَّفُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ عَلِيٌّ فَلَحِقَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا كَانَ مَسَاءُ اللَّيْلَةِ الَّتِي فَتَحَهَا اللَّهُ فِي صَبَاحِهَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ أَوْ لَيَأْخُذَنَّ بِالرَّايَةِ غَدًا رَجُلٌ يُحِبُّهُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَوْ قَالَ يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يَفْتَحُ اللَّهُ عَلَيْهِ فَإِذَا نَحْنُ بِعَلِيٍّ وَمَا نَرْجُوهُ فَقَالُوا هَذَا عَلِيٌّ فَأَعْطَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّايَةَ فَفَتَحَ اللَّهُ عَلَيْهِ[6224]

4410: حضرت سلمہ بن اکوع ؓ بیان کرتے ہیں کہ خیبر کے موقعہ پر حضرت علی ؓ نبی ﷺ سے پیچھے رہ گئے اور ان کی آنکھوں میں تکلیف تھی۔ پھر حضرت علی ؓ نے کہا کیا میں رسول اللہ ﷺ سے پیچھے رہ جاؤں! تو حضرت علی ؓ نکلے اور نبی ﷺ سے جا ملے۔ پھر جب اس رات کی شام آئی جس کی صبح کو اللہ نے فتح دی، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں جھنڈا دوں گا یا فرمایا کل جھنڈا وہ شخص لے گا جس سے اللہ اور اس کا رسول ؐ محبت کرتے ہیں یا فرمایا جو اللہ اور اس کے رسول ؐ سے محبت کرتا ہے۔ اللہ اس کے ذریعہ فتح دے گا تو کیا دیکھتے ہیں کہ حضرت علی ؓ ہیں اور ہمیں امید نہیں تھی ان کے متعلق لوگوں نے کہا کہ یہ علی ؓ ہیں۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں وہ جھنڈا عطا فرمایا اور اللہ نے ان کے ذریعہ فتح عطا فرمائی۔

4410:اطراف:مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ابن ابی طالب 4404 ، 4405 ، 4406، 4407 ، 4408 ،4410
تخریج : بخاری کتاب الجهاد والسیرباب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوة 2942 باب ما قیل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم علی یدیه رجل 3009 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علی بن ابی طالب... 3701، 3702 ، 3706 کتاب المغازی باب غزوة خیبر 4209 ، 4210 باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **ترمذی** کتاب المناقب باب علی بن ابی طالب...... 3724، 3730، 3731 **ابن ماجه** مقدمه باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ فضل علی بن ابی طالب 115

4411{36} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَشُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُلَيَّةَ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنِي أَبُو حَيَّانَ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ حَيَّانَ قَالَ انْطَلَقْتُ أَنَا وَحُصَيْنُ بْنُ سَبْرَةَ وَعُمَرُ بْنُ مُسْلِمٍ إِلَى زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ فَلَمَّا جَلَسْنَا إِلَيْهِ قَالَ لَهُ حُصَيْنٌ لَقَدْ لَقِيتَ يَا زَيْدُ خَيْرًا كَثِيرًا رَأَيْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعْتَ حَدِيثَهُ وَغَزَوْتَ مَعَهُ وَصَلَّيْتَ خَلْفَهُ لَقَدْ لَقِيتَ يَا زَيْدُ خَيْرًا كَثِيرًا حَدِّثْنَا يَا زَيْدُ مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا ابْنَ أَخِي وَاللَّهِ لَقَدْ كَبِرَتْ سِنِّي وَقَدُمَ عَهْدِي وَنَسِيتُ بَعْضَ الَّذِي كُنْتُ أَعِي مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا حَدَّثْتُكُمْ فَاقْبَلُوا وَمَا لَا فَلَا تُكَلِّفُونِيهِ ثُمَّ قَالَ قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فِينَا خَطِيبًا بِمَاءٍ يُدْعَى خُمًّا بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ وَوَعَظَ وَذَكَّرَ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ أَلَا أَيُّهَا النَّاسُ فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ يُوشِكُ أَنْ يَأْتِيَ رَسُولُ رَبِّي فَأُجِيبَ وَأَنَا تَارِكٌ فِيكُمْ ثَقَلَيْنِ أَوَّلُهُمَا كِتَابُ اللَّهِ فِيهِ الْهُدَى وَالنُّورُ فَخُذُوا بِكِتَابِ اللَّهِ وَاسْتَمْسِكُوا بِهِ فَحَثَّ عَلَى

4411: یزید بن حیان کہتے ہیں کہ میں اور حصین بن سبرہ اور عمر بن مسلم حضرت زید بن ارقمؓ کے پاس گئے جب ہم ان کے پاس بیٹھے تو حصین نے ان سے کہا کہ اے زیدؓ! آپؓ نے بہت خیر پائی۔آپؓ نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، آپؐ کی باتیں سنیں اور آپؐ کی معیت میں غزوات کئے اور آپؐ کے پیچھے نمازیں پڑھیں۔زیدؓ! آپؓ نے بہت خیر پائی ہے۔ اے زیدؓ! جو رسول اللہ ﷺ سے آپؓ نے سنا ہے ہمیں بتائیں۔انہوں نے کہا اے میرے بھتیجے! اللہ کی قسم میری عمر زیادہ ہوگئی ہے اور مجھ پر ایک عرصہ گذر گیا ہے اور میں بعض باتیں بھول چکا ہوں جو رسول اللہ ﷺ سے مجھے یاد تھیں۔پس جو بات میں تمہیں بتاؤں اسے قبول کرلو اور جو نہ بتاؤں اس پر مجھے مجبور نہ کرو۔وہ کہنے لگے ایک روز رسول اللہ ﷺ مکہ اور مدینہ کے مابین ایک چشمہ کے پاس جسے خُم کہا جاتا تھا ہمارے درمیان خطاب کرنے کے لئے کھڑے ہوئے۔آپؐ نے اللہ کی حمد وثنا کی اور وعظ و نصیحت فرمائی پھر فرمایا اما بعد! سنو اے لوگو! میں تو محض ایک انسان ہوں قریب ہے کہ میرے رب کا پیغام لانے والا آئے اور میں اس کے بلاوے پر ہاں کہوں۔میں تم میں دو اہم چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں، ان میں سے پہلی اللہ کی کتاب ہے جس میں ہدایت اور نور ہے۔پس اللہ کی کتاب کو لو اور اس کو

كِتَابِ اللَّهِ وَرَغَّبَ فِيهِ ثُمَّ قَالَ وَأَهْلُ بَيْتِي أُذَكِّرُكُمُ اللَّهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي أُذَكِّرُكُمُ اللَّهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي أُذَكِّرُكُمُ اللَّهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي فَقَالَ لَهُ حُصَيْنٌ وَمَنْ أَهْلُ بَيْتِهِ يَا زَيْدُ أَلَيْسَ نِسَاؤُهُ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ قَالَ نِسَاؤُهُ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ وَلَكِنْ أَهْلُ بَيْتِهِ مَنْ حُرِمَ الصَّدَقَةَ بَعْدَهُ قَالَ وَمَنْ هُمْ قَالَ هُمْ آلُ عَلِيٍّ وَآلُ عَقِيلٍ وَآلُ جَعْفَرٍ وَآلُ عَبَّاسٍ قَالَ كُلُّ هَؤُلَاءِ حُرِمَ الصَّدَقَةَ قَالَ نَعَمْ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ الرَّيَّانِ حَدَّثَنَا حَسَّانُ يَعْنِي ابْنَ إِبْرَاهِيمَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِهِ بِمَعْنَى حَدِيثِ زُهَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي حَيَّانَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِ إِسْمَعِيلَ وَزَادَ فِي حَدِيثِ جَرِيرٍ كِتَابُ اللَّهِ فِيهِ الْهُدَى وَالنُّورُ مَنِ اسْتَمْسَكَ بِهِ وَأَخَذَ بِهِ كَانَ عَلَى الْهُدَى وَمَنْ أَخْطَأَهُ ضَلَّ {37} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ الرَّيَّانِ حَدَّثَنَا حَسَّانُ يَعْنِي ابْنَ إِبْرَاهِيمَ عَنْ سَعِيدٍ وَهُوَ ابْنُ مَسْرُوقٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ عَنْ

مضبوطی سے پکڑ لو۔ پھر آپؐ نے کتاب اللہ کے بارہ میں بہت ترغیب وتحریض دلائی پھر فرمایا اور میرے اہل بیت، میں تمہیں اپنے اہل بیت کے بارہ میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں، میں تمہیں اپنے اہل بیت کے بارہ میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں، میں تمہیں اپنے اہل بیت کے بارہ میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں۔ حصین نے انہیں کہا اے زیدؓ! آپؐ کے اہل بیت کون ہیں؟ کیا آپؐ کی ازواج مطہرات آپؐ کے اہل بیت میں شامل نہیں؟ زید نے کہا آپ کی ازواج آپؐ کے اہل بیت میں ہیں لیکن آپؐ کے اہل بیت وہ ہیں جن پر آپؐ کے بعد صدقہ حرام قرار دے دیا گیا ہے انہوں (حضرت زیدؓ نے) کہا وہ کون ہیں؟ انہوں (حضرت زیدؓ) نے کہا وہ حضرت علیؓ کی آل، حضرت عقیلؓ کی آل، حضرت جعفرؓ کی آل اور حضرت عباسؓ کی آل ہے۔ اس نے کہا کیا ان سب پر صدقہ حرام قرار دیا گیا ہے؟ انہوں نے کہا ہاں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ اللہ کی کتاب میں ہدایت اور نور ہے جس نے اسے مضبوطی سے پکڑا اور اسے لے لیا وہ ہدایت پر قائم ہے اور جس نے اس کے بارہ میں کوتاہی کی تو وہ گمراہ ہو گیا۔ یزید بن حیان حضرت زید بن ارقمؓ کے بارہ میں روایت کرتے ہیں کہ ہم ان کے پاس گئے تو ہم نے ان سے کہا کہ آپؓ نے بڑی خیر دیکھی ہے۔ آپؓ رسول اللہ ﷺ کی صحبت میں رہے اور آپؐ کے پیچھے آپؓ نے نمازیں

زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ دَخَلْنَا عَلَيْهِ فَقُلْنَا لَهُ لَقَدْ رَأَيْتَ خَيْرًا لَقَدْ صَاحَبْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَلَّيْتَ خَلْفَهُ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِ حَدِيثِ أَبِي حَيَّانَ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ أَلَا وَإِنِّي تَارِكٌ فِيكُمْ ثَقَلَيْنِ أَحَدُهُمَا كِتَابُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ هُوَ حَبْلُ اللَّهِ مَنِ اتَّبَعَهُ كَانَ عَلَى الْهُدَى وَمَنْ تَرَكَهُ كَانَ عَلَى ضَلَالَةٍ وَفِيهِ فَقُلْنَا مَنْ أَهْلُ بَيْتِهِ نِسَاؤُهُ قَالَ لَا وَايْمُ اللَّهِ إِنَّ الْمَرْأَةَ تَكُونُ مَعَ الرَّجُلِ الْعَصْرَ مِنَ الدَّهْرِ ثُمَّ يُطَلِّقُهَا فَتَرْجِعُ إِلَى أَبِيهَا وَقَوْمِهَا أَهْلُ بَيْتِهِ أَصْلُهُ وَعَصَبَتُهُ الَّذِينَ حُرِمُوا الصَّدَقَةَ بَعْدَهُ
[6228,6227,6226,6225]

ادا کیں ہیں۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے مگر اس میں یہ اضافہ ہے انہوں نے کہا سنو! میں تم میں دو اہم چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں۔ ان میں سے ایک تو اللہ عزّوجل کی کتاب ہے، وہ اللہ کی رسی ہے جس نے اس کی پیروی کی وہ ہدایت پر ہے اور جس نے اسے چھوڑ دیا وہ گمراہی پر ہے۔ اس روایت میں یہ بھی ہے کہ پھر ہم نے کہا آپؐ کے اہل بیت کون ہیں؟ آپؐ کی ازواج؟ انہوں نے کہا نہیں اللہ کی قسم! یقیناً عورت مرد کے ساتھ دیر تک ہوتی ہے۔ پھر وہ اسے طلاق دے دیتا ہے تو وہ اپنے باپ اور اپنی قوم کی طرف لوٹ جاتی ہے۔ آپؐ کے اہل بیت تو آپؐ کی اصل ہیں اور آپؐ کا قبیلہ ہیں جن پر آپؐ کے بعد صدقہ حرام قرار دے دیا گیا ہے۔

4412{38}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ اسْتُعْمِلَ عَلَى الْمَدِينَةِ رَجُلٌ مِنْ آلِ مَرْوَانَ قَالَ فَدَعَا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ فَأَمَرَهُ أَنْ يَشْتِمَ عَلِيًّا قَالَ فَأَبَى سَهْلٌ فَقَالَ لَهُ أَمَّا إِذْ أَبَيْتَ فَقُلْ لَعَنَ اللَّهُ أَبَا التُّرَابِ فَقَالَ سَهْلٌ مَا كَانَ لِعَلِيٍّ اسْمٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَبِي التُّرَابِ وَإِنْ كَانَ لَيَفْرَحُ إِذَا

4412: ابوحازم سے روایت ہے کہ حضرت سہلؓ بن سعد نے بیان کیا کہ آل مروان میں سے ایک شخص کو مدینہ پر عامل مقرر کیا گیا۔ راوی کہتے ہیں کہ اس نے حضرت سہل بن سعدؓ کو بلایا اور انہیں حکم دیا کہ وہ حضرت علیؓ پر سبّ وشتم کریں۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت سہلؓ نے اس کا انکار کیا اور اس عامل نے ان (حضرت سہلؓ) سے کہا اگر تو نے اس کا انکار کرنا ہے تو پھر یہ کہو کہ ابوتراب پر اللہ کی لعنت ہو۔ حضرت سہلؓ نے کہا کہ حضرت علیؓ کے لئے ابوتراب سے بڑھ کر

4412 : تخريج : بخاری كتاب المناقب باب مناقب علی بن ابی طالب... 3703 كتاب الصلاة باب نوم الرجال فی المسجد 441 كتاب الادب باب التكنی بابی تراب 6204 كتاب لاستئذان باب القائلة فی المسجد 6280

دُعِيَ بِهَا فَقَالَ لَهُ أَخْبِرْنَا عَنْ قِصَّتِهِ لِمَ سُمِّيَ أَبَا تُرَابٍ قَالَ جَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ فَاطِمَةَ فَلَمْ يَجِدْ عَلِيًّا فِي الْبَيْتِ فَقَالَ أَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ فَقَالَتْ كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ شَيْءٌ فَغَاضَبَنِي فَخَرَجَ فَلَمْ يَقِلْ عِنْدِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِإِنْسَانٍ انْظُرْ أَيْنَ هُوَ فَجَاءَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ هُوَ فِي الْمَسْجِدِ رَاقِدٌ فَجَاءَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ قَدْ سَقَطَ رِدَاؤُهُ عَنْ شِقِّهِ فَأَصَابَهُ تُرَابٌ فَجَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُهُ عَنْهُ وَيَقُولُ قُمْ أَبَا التُّرَابِ قُمْ أَبَا التُّرَابِ [6229]

کوئی نام محبوب نہیں ہے۔ جب انہیں اس (نام) سے پکارا جاتا تو وہ خوش ہوتے تھے پھر اُس نے ان (حضرت سہلؓ) سے کہا کہ ہمیں اس واقعہ کے بارہ میں بتاؤ کہ انہیں ابوتراب نام کیوں دیا گیا؟ انہوں (حضرت سہلؓ) نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ حضرت فاطمہؓ کے گھر تشریف لے گئے اور حضرت علیؓ کو گھر میں نہ پایا تو فرمایا تمہارا چچازاد کہاں ہے؟ انہوں (حضرت فاطمہؓ) نے عرض کیا میرے اور ان کے درمیان کچھ بات ہوئی جس پر وہ مجھ سے ناراض ہوئے اور باہر نکل گئے اور میرے پاس قیلولہ نہیں کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی سے فرمایا کہ دیکھو کہ وہ کہاں ہیں؟ وہ آدمی آیا اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! وہ مسجد میں سوئے ہوئے ہیں تو رسول اللہ ﷺ ان کے پاس تشریف لے گئے اور وہ (حضرت علیؓ) لیٹے ہوئے تھے اور ان کی چادر ان کے پہلو سے گری ہوئی تھی اور انہیں مٹی لگی ہوئی تھی۔ رسول اللہ ﷺ اس (مٹی) کو ان سے صاف کرنے لگے اور فرمانے لگے اٹھو ابوتراب اٹھو ابوتراب۔

[5]51:بَاب فِي فَضْلِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی فضیلت کا بیان

4413{39}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى

4413: حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ ایک رات رسول اللہ ﷺ بیدار ہوئے تو آپؐ نے فرمایا کاش

4413 : اطراف : مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فی فضل سعد بن ابی وقاص 4414

تخریج : بخاری کتاب الجهاد والسير باب الحراسة في الغزو في سبيل الله 2885 كتاب التمني باب قوله ﷺ ليت كذا وكذا 7231 **ترمذی** كتاب المناقب باب مناقب الزبير بن العوام 3756

بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أَرِقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَقَالَ لَيْتَ رَجُلًا صَالِحًا مِنْ أَصْحَابِي يَحْرُسُنِي اللَّيْلَةَ قَالَتْ وَسَمِعْنَا صَوْتَ السِّلَاحِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هَذَا قَالَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ يَا رَسُولَ اللَّهِ جِئْتُ أَحْرُسُكَ قَالَتْ عَائِشَةُ فَنَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى سَمِعْتُ غَطِيطَهُ[6230]

میرے صحابہؓ میں سے کوئی نیک آدمی آج رات میرا پہرہ دے۔ وہ بیان کرتی ہیں ہم نے اسلحہ کی آواز سنی۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کون ہے؟ انہوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! سعد بن ابی وقاص۔ آپؐ کے پہرہ کے لئے حاضر ہوا ہوں۔ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ پھر رسول اللہ ﷺ سو گئے یہانتک کہ میں نے آپؐ کی لمبی سانسوں کی آواز سنی۔

4414{40} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ سَهِرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقْدَمَهُ الْمَدِينَةَ لَيْلَةً فَقَالَ لَيْتَ رَجُلًا صَالِحًا مِنْ أَصْحَابِي يَحْرُسُنِي اللَّيْلَةَ قَالَتْ فَبَيْنَا نَحْنُ كَذَلِكَ سَمِعْنَا خَشْخَشَةَ سِلَاحٍ فَقَالَ مَنْ هَذَا قَالَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا جَاءَ بِكَ قَالَ وَقَعَ فِي نَفْسِي خَوْفٌ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجِئْتُ

4414: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ مدینہ تشریف آوری کے زمانہ میں ایک رات رسول اللہ ﷺ سو نہ سکے تو آپؐ نے فرمایا کاش میرے صحابہؓ میں سے کوئی نیک آدمی آج رات میرا پہرہ دے۔ وہ کہتی ہیں ہم اسی حال میں تھے کہ ہم نے اسلحہ کی آواز سنی۔ آپؐ نے فرمایا کون ہے؟ انہوں نے عرض کیا سعدؓ بن ابی وقاص۔ رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا تم یہاں کیسے آئے؟ انہوں نے کہا کہ میرے دل میں رسول اللہ ﷺ کے بارہ میں خوف پیدا ہوا اس لئے میں آپؐ کے پہرہ کے لئے حاضر ہوا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے سعدؓ کو دعا دی اور سو گئے۔ ایک روایت میں (قَالَ مَنْ هَذَا کی بجائے)

4414 : اطراف : **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب فى فضل سعد بن ابى وقاص4413

تخريج : بخارى كتاب الجهاد والسير باب الحراسة فى الغزو فى سبيل الله 2885 كتاب التمنى باب قوله ﷺ ليت كذا وكذا 7231 **ترمذى** كتاب المناقب باب مناقب الزبير ن العوام 3756

أَحْرُسُهُ فَدَعَا لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَامَ وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ رُمْحٍ فَقُلْنَا مَنْ هَذَا حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ يَقُولُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ يَقُولُ قَالَتْ عَائِشَةُ أَرِقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ بِمِثْلِ حَدِيثِ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ [6232,6231]

فَقُلْنَا مَنْ هَذَا کے الفاظ ہیں اور ایک روایت میں (سَهِرَ رَسُوْلُ اللَّهِ ﷺ مَقْدَمَهُ الْمَدِيْنَةَ لَيْلَةً کی بجائے) أَرِقَ رَسُوْلُ اللَّهِ ﷺ ذَاتَ لَيْلَةٍ کے الفاظ ہیں۔

4415{41} حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ يَعْنِي ابْنَ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ مَا جَمَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَوَيْهِ لِأَحَدٍ غَيْرِ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ فَإِنَّهُ جَعَلَ يَقُولُ لَهُ يَوْمَ أُحُدٍ ارْمِ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ وَإِسْحَقُ الْحَنْظَلِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ عَنْ مِسْعَرٍ ح و حَدَّثَنَا

4415: حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سعدؓ بن مالک کے سوا کسی اور کے لئے اپنے ماں باپ کو کبھی اکٹھا نہیں کیا۔ اُحد کے دن آپؐ، سعدؓ سے فرمانے لگے تیر چلاؤ تم پر میرے ماں باپ قربان ہوں۔

4415 : اطراف : مسلم كتاب فضائل الصحابة باب فضل سعد بن ابی وقاص 4417،4416

تخريج : بخاری كتاب الجهاد والسير باب المجن ومن يترس بترس صاحبه 2905 كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب سعد بن ابی وقاص...3725 كتـاب الـمغازی باب اذ همت طائفتان ... 4055، 4056،4057 ، 4058 ، 4059،4064كتاب الادب بـاب قـول الرجل فداک أبی و أمی 6184 **ترمذی** كتـاب الادب بـاب مـا جاء فی فداک أبی و أمی 2828 ، 2829 ، 2830 كتاب المناقب باب مناقب سعدبن ابی وقاص...3753 ، 3754 ، 3755 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ 130

ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مِسْعَرٍ كُلُّهُمْ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ[6234,6233]

4416{42}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى وَهُوَ ابْنُ سَعِيدٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ لَقَدْ جَمَعَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَوَيْهِ يَوْمَ أُحُدٍ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَابْنُ رُمْحٍ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ كِلَاهُمَا عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ[6236,6235]

4416: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اُحد کے دن (فِدَاكَ أَبِي وَ أُمِّي فرما کر) میرے لئے اپنے ماں باپ کو اکٹھا کیا۔

4417{...} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْمَعِيلَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ مِسْمَارٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ

4417: عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اُحد کے دن نبی ﷺ نے ان کے لئے اپنے والدین کو اکٹھا کیا انہوں نے کہا کہ مشرکوں میں سے

4416 : اطراف : مسلم كتاب فضائل الصحابة باب فضل سعد بن ابی وقاص 4417،4415

تخريج : بخاری كتاب الجهاد والسير باب المجن ومن يترس بترس صاحبه 2905 كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب سعد بن ابی وقاص... 3725 كتاب المغازی باب اذ همت طائفتان ... 4055، 4056،4057 ، 4058 ، 4059،4064 كتاب الادب باب قول الرجل فداک أبی و أمی 6184 **ترمذی** كتاب الادب باب ما جاء فی فداک أبی و أمی 2828 ، 2829 ، 2830 كتاب المناقب باب مناقب سعدبن ابی وقاص...3753 ، 3754 ، 3755 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ 130

4417 : اطراف : مسلم كتاب فضائل الصحابة باب فضل سعد بن ابی وقاص 4416،4415

تخريج : بخاری كتاب الجهاد والسير باب المجن ومن يترس بترس صاحبه 2905 كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب سعد بن ابی وقاص...3725 كتاب المغازی باب اذ همت طائفتان ... 4055، 4056،4057 ، 4058 ، 4059،4064 كتاب الادب باب قول الرجل فداک أبی و أمی 6184 **ترمذی** كتاب الادب باب ما جاء فی فداک أبی و أمی 2828 ، 2829 ، 2830 كتاب المناقب باب مناقب سعدبن ابی وقاص...3753 ، 3754 ، 3755 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی فضائل اصحاب رسول الله ﷺ 130

النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ لَهُ أَبَوَيْهِ يَوْمَ أُحُدٍ قَالَ كَانَ رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ قَدْ أَحْرَقَ الْمُسْلِمِينَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْمِ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي قَالَ فَنَزَعْتُ لَهُ بِسَهْمٍ لَيْسَ فِيهِ نَصْلٌ فَأَصَبْتُ جَنْبَهُ فَسَقَطَ فَانْكَشَفَتْ عَوْرَتُهُ فَضَحِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى نَظَرْتُ إِلَى نَوَاجِذِهِ [6237]

ایک آدمی تھا جس نے مسلمانوں کو جلایا تھا نبی ﷺ نے ان (سعدؓ) سے فرمایا تیر چلاؤ تم پر میرے ماں باپ قربان۔ حضرت سعدؓ کہتے ہیں پھر میں نے وہ تیر جس میں پھل نہیں تھا اس کے پہلو میں مارا جس کی وجہ سے وہ مر گیا اور اس کی پردہ دری ہوگئی اور میں نے دیکھا کہ نبی ﷺ خوشی سے کھل کھلا کر ہنس پڑے۔☆

مجھ سے مغفرت مانگو میں تمہیں بخش دوں گا تم ہرگز طاقت نہیں رکھتے کہ مجھے نقصان پہنچا سکو اور نہ ہی مجھے نفع پہنچانے کی طاقت رکھتے ہو۔ اے میرے بندو اگر تمہارے پہلے اور تمہارے پچھلے اور تمہارے انسان اور تمہارے جن تم میں سے سب سے زیادہ متقی دل رکھنے والے کی طرح ہوجائیں تو یہ میری بادشاہت میں ذرہ بھی اضافہ نہ کر سکے گا۔ اے میرے بندو اگر تمہارے اگلے اور تمہارے پچھلے اور تمہارے انسان اور تمہارے جن تم میں سے سب سے زیادہ فاجر دل رکھنے والے آدمی کی طرح ہوجائیں تو یہ میری بادشاہت میں کچھ کمی نہ کر سکے گا۔ اے میرے بندو! اگر تمہارے پہلے اور تمہارے پچھلے اور تمہارے انسان اور تمہارے جن ایک میدان میں کھڑے ہوں اور مجھ سے مانگیں اور میں ہر انسان کو اس کی طلب عطا کروں تو یہ اس میں سے کچھ بھی کمی نہ کرے گی جو میرے پاس ہے۔ سوائے اس قدر جتنا ایک سوئی کم کرتی ہے۔ جبکہ وہ سمندر میں ڈالی جائے اے میرے بندو! یہ تمہارے اعمال ہیں میں تمہارے اعمال (ہی) تمہارے لئے محفوظ رکھتا ہوں۔ پھر میں تمہیں وہ پورے پورے دوں گا۔ پس جو خیر پائے تو اسے چاہئے کہ وہ اللہ کی حمد کرے اور جو اس کے سوا (کچھ) پائے تو صرف اپنے نفس کو (ہی) ملامت

وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى قَالُوا حَدَّثَنَا أَبُو مُسْهِرٍ فَذَكَرُوا الْحَدِيثَ بِطُولِهِ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى كِلَاهُمَا عَنْ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا يَرْوِي عَنْ رَبِّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى إِنِّي حَرَّمْتُ عَلَى نَفْسِي الظُّلْمَ وَعَلَى عِبَادِي فَلَا تَظَالَمُوا وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِهِ وَحَدِيثُ أَبِي إِدْرِيسَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ أَتَمُّ مِنْ هَذَا [6575,6574,6573,6572]

کرے۔ راوی سعید بیان کرتے ہیں کہ ابو ادریس الخولانی جب یہ روایت بیان کرتے تھے تو اپنے گھٹنوں کے بل بیٹھ جاتے تھے۔

ایک روایت میں قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ فِيمَا يَرْوِى عَنْ رَبِّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى إِنِّي حَرَّمْتُ عَلَى نَفْسِي الظُّلْمَ وَعَلَى عِبَادِي کے الفاظ ہیں۔

4661{56}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ يَعْنِي ابْنَ قَيْسٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ مِقْسَمٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اتَّقُوا الظُّلْمَ فَإِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاتَّقُوا الشُّحَّ فَإِنَّ الشُّحَّ أَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ حَمَلَهُمْ عَلَى أَنْ سَفَكُوا دِمَاءَهُمْ وَاسْتَحَلُّوا مَحَارِمَهُمْ [6576]

4661: حضرت جابرؓ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ظلم سے بچو یقیناً ظلم قیامت کے دن کے اندھیرے ہوں گے اور بخل وحرص سے بچو یقیناً بخل نے تم سے پہلوں کو ہلاک کیا۔ اس (بخل) نے انہیں اکسایا تو انہوں نے خون بہایا اور حرام چیزوں کو حلال کیا۔

4662{57}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ الْمَاجِشُونُ عَنْ

4662: حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً ظلم قیامت کے دن

4661: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب تحریم الظلم 4662
تخریج: بخاری کتاب المظالم باب الظلم ظلمات یوم القیامة 2447 ترمذی کتاب البر و الصلة باب ماجاء فی الظلم 2030
4662: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب تحریم الظلم 4661
تخریج: بخاری کتاب المظالم باب الظلم ظلمات یوم القیامة 2447 ترمذی کتاب البر و الصلة باب ماجاء فی الظلم 2030

عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ [6577]

اندھیرے ہوں گے۔

4663{58} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يُسْلِمُهُ مَنْ كَانَ فِي حَاجَةِ أَخِيهِ كَانَ اللَّهُ فِي حَاجَتِهِ وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللَّهُ عَنْهُ بِهَا كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ[6578]

4663: سالم اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مسلمان مسلمان کا بھائی ہے نہ تو اس پر ظلم کرتا ہے نہ اسے بے یارو مددگار چھوڑتا ہے۔ جو اپنے بھائی کی ضرورت پوری کرنے کے لئے لگا رہتا ہے اللہ اس کی ضرورت پوری کرتا ہے اور جو ایک مسلمان سے کوئی تکلیف دور کرتا ہے تو اللہ اس کے بدلہ قیامت کے دن کی تکلیفوں میں سے تکلیف اس سے دور فرمادے گا اور جو ایک مسلمان کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔

4664{59}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَتَدْرُونَ مَا الْمُفْلِسُ قَالُوا الْمُفْلِسُ فِينَا مَنْ لَا دِرْهَمَ لَهُ وَلَا مَتَاعَ فَقَالَ إِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ أُمَّتِي يَأْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصَلَاةٍ وَصِيَامٍ وَزَكَاةٍ وَيَأْتِي قَدْ شَتَمَ هَذَا وَقَذَفَ هَذَا وَأَكَلَ مَالَ هَذَا وَسَفَكَ دَمَ هَذَا وَضَرَبَ

4664: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہے؟ لوگوں نے کہا کہ ہم میں مفلس وہ ہے جس کے پاس نہ کوئی درہم ہے نہ کوئی ساز وسامان ہے اس پر آپؐ نے فرمایا میری امت میں تو مفلس وہ ہے۔ جو قیامت کے دن نماز روزہ اور زکوٰۃ کے ساتھ پیش ہوگا مگر اس طرح آئے گا کہ اس نے کسی کو گالی دی ہوگی اور کسی پر بہتان لگایا ہوگا اور کسی کا مال کھایا ہوگا اور کسی کا خون بہایا ہوگا اور کسی کو مارا ہوگا اس کو اس کی کوئی

4463: تخريج : بخاری كتاب المظالم باب لا يظلم المسلم المسلم 2442 كتاب الاكراه باب يمين الرجل لصاحبه انه اخوه 6951 **ترمذی** كتاب الحدود باب ماجاء في الستر على المسلم 1426 **ابو داؤد** كتاب الادب باب المؤاخاة 4893

4664: تخريج : ترمذی كتاب صفة القيامة والرقائق والورع باب ماجاء في شأن الحساب والقصاص 2418

هَذَا فَيُعْطَى هَذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ وَهَذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ فَإِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهُ قَبْلَ أَنْ يُقْضَى مَا عَلَيْهِ أُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ [6579]

نیکی دی جائے گی اور کسی کو اس کی کوئی اور نیکی اور ان کی خطائیں لی جائیں گی اور اس پر ڈال دی جائیں گی۔ پھر اسے آگ میں پھینک دیا جائے گا۔

4665{60} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنُونَ ابْنَ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَتُؤَدُّنَّ الْحُقُوقَ إِلَى أَهْلِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يُقَادَ لِلشَّاةِ الْجَلْحَاءِ مِنَ الشَّاةِ الْقَرْنَاءِ [6580]

4665: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم قیامت کے دن حقداروں کے حقوق لازماً ادا کرو گے یہاں تک کہ بغیر سینگ والی بھیڑ بکری کا بدلہ سینگوں والی بھیڑ بکری سے لیا جائے گا۔

4666{61} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُمْلِي لِلظَّالِمِ فَإِذَا أَخَذَهُ لَمْ يُفْلِتْهُ ثُمَّ قَرَأَ وَكَذَلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرَى وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ [6581]

4666: حضرت ابو موسیٰؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ظالم کو مہلت دیتا ہے۔ لیکن جب اسے پکڑتا ہے تو اسے چھوڑتا نہیں پھر آپؐ نے یہ (آیت) پڑھی وَكَذَلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرَى وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ اور تیرے رب کی گرفت اسی طرح ہوتی ہے جب وہ بستیوں کو اس حال میں پکڑتا ہے کہ وہ ظالم ہوتی ہیں یقیناً اس کی پکڑ بڑی اذیت ناک (اور) بڑی سخت ہے۔☆

4666: تخریج: بخاری کتاب التفسیر باب قوله وکذالک اخذ ربک اذا اخذ القریٰ 4686 **ترمذی** کتاب التفسیر باب ومن سورة هود 3110 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب العقوبات 4018

☆ **سورة هود: 103**

[16]16:بَاب نَصْرِ الْأَخِ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُومًا

بھائی کی مدد کرنے کا بیان خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم

4667{62} حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اقْتَتَلَ غُلَامَانِ غُلَامٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَغُلَامٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَنَادَى الْمُهَاجِرُ أَوِ الْمُهَاجِرُونَ يَا لَلْمُهَاجِرِينَ وَنَادَى الْأَنْصَارِيُّ يَا لَلْأَنْصَارِ فَخَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا هَذَا دَعْوَى أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ قَالُوا لَا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِلَّا أَنَّ غُلَامَيْنِ اقْتَتَلَا فَكَسَعَ أَحَدُهُمَا الْآخَرَ قَالَ فَلَا بَأْسَ وَلْيَنْصُرِ الرَّجُلُ أَخَاهُ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُومًا إِنْ كَانَ ظَالِمًا فَلْيَنْهَهُ فَإِنَّهُ لَهُ نَصْرٌ وَإِنْ كَانَ مَظْلُومًا فَلْيَنْصُرْهُ [6582]

4667: حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ دولڑکے آپس میں لڑ پڑے ایک مہاجرین میں سے اور ایک انصار میں سے پھر مہاجر یا مہاجروں نے پکارا اے مہاجرو! اور انصاری نے پکارا اے انصار! رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے اور فرمایا یہ اہل جاہلیت کی پکار کیسی ہے؟ انہوں نے عرض کیا نہیں یا رسولؐ اللہ! سوائے اس کے کوئی بات نہیں کہ دولڑکے آپس میں لڑ پڑے اور ایک نے دوسرے کی پیٹھ پر مارا ہے۔ آپؐ نے فرمایا تو کیا ہوا؟ ایک آدمی کو اپنے بھائی کی مدد کرنی چاہئے خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم اگر وہ ظالم ہے تو اسے چاہئے کہ وہ اسے (ظلم) سے روکے۔ یہ اس کی مدد ہے اور اگر وہ مظلوم ہے تو اسے چاہئے کہ وہ اس کی مدد کرے۔

4668{63} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لِابْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ

4668: حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ میں تھے کہ مہاجروں میں سے کسی آدمی نے انصارؓ میں سے کسی آدمی کی پیٹھ

4667: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب نصر الاخ ظالماً او مظلوماً 4668، 4669

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب ماینهی من دعوی الجاهلية 3518 كتاب التفسير باب قوله سوآء عليهم استغفرت لهم... 4905 باب قوله يقولون لئن رجعنا الى المدينة... 4907 **ترمذی** كتاب التفسير باب ومن سورة المنافقين 3314، 3315

4668: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب نصر الاخ ظالماً او مظلوماً 4667، 4669

تخریج: بخاری کتاب المناقب باب ماینهی من دعوی الجاهلية 3518 كتاب التفسير باب قوله سوآء عليهم استغفرت لهم... 4905 باب قوله يقولون لئن رجعنا الى المدينة... 4907 **ترمذی** كتاب التفسير باب ومن سورة المنافقين 3314، 3315

ابْنُ عَبْدَةَ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ سَمِعَ عَمْرٌو جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ فَكَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ يَا لَلْأَنْصَارِ وَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ يَا لَلْمُهَاجِرِينَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَالُ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ كَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ دَعُوهَا فَإِنَّهَا مُنْتِنَةٌ فَسَمِعَهَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أُبَيٍّ فَقَالَ قَدْ فَعَلُوهَا وَاللَّهِ لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ قَالَ عُمَرُ دَعْنِي أَضْرِبْ عُنُقَ هَذَا الْمُنَافِقِ فَقَالَ دَعْهُ لَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ أَنَّ مُحَمَّدًا يَقْتُلُ أَصْحَابَهُ [6583]

پر مارا انصاری ؓ نے کہا اے انصارؓ! اور مہاجرؓ نے کہا اے مہاجرو! اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جاہلیت کی آوازیں کیسی ہیں؟ انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! مہاجروںؓ میں سے ایک آدمی نے انصارؓ میں سے ایک آدمی کی پیٹھ پر مارا ہے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا اس بات کو چھوڑ دو یہ ایک گندی بات ہے۔ جب عبداللہ بن ابی نے یہ سنا تو اس نے کہا کہ انہوں نے تو ایسا کرلیا اللہ کی قسم اگر ہم مدینہ کی طرف لوٹے تو (نعوذ باللہ) ضرور معزز ترین شخص ذلیل ترین شخص کو وہاں سے باہر نکال دے گا۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا (یارسولؐ اللہ!) مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس منافق کی گردن ماردوں۔ اس پر حضورؐ نے فرمایا کہ جانے دو لوگ یہ باتیں نہ کرنے لگیں گے کہ محمدؐ اپنے ساتھیوں کو قتل کرتا ہے۔

4669{64} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ

4669: حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ مہاجروں میں سے ایک آدمی نے انصارؓ میں سے ایک آدمی کی پیٹھ پر مارا تو وہ نبی ﷺ کے پاس آیا اور آپؐ سے قصاص طلب کیا نبی ﷺ نے فرمایا چھوڑ دو، یہ بُری حرکت ہے۔

4669: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب نصر الاخ ظالماً او مظلوماً 4667، 4668

تخريج: بخاری كتاب المناقب باب ماينهى من دعوى الجاهلية 3518 كتاب التفسير باب قوله سوآء عليهم استغفرت لهم... 4905 باب قوله يقولون لئن رجعنا الى المدينة... 4907 **ترمذی** كتاب التفسير باب ومن سورة المنافقين 3315

فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ الْقَوَدَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعُوهَا فَإِنَّهَا مُنْتِنَةٌ قَالَ ابْنُ مَنْصُورٍ فِي رِوَايَتِهِ عَمْرٌو قَالَ سَمِعْتُ جَابِرًا [6584]

[17]17: بَاب تَرَاحُمِ الْمُؤْمِنِينَ وَتَعَاطُفِهِمْ وَتَعَاضُدِهِمْ

مومنوں کا ایک دوسرے پر رحم کرنے ایک دوسرے پر شفقت اور ایک دوسرے کی مدد کرنے کا بیان

4670{65} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو عَامِرٍ الْأَشْعَرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ وَأَبُو أُسَامَةَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ وَابْنُ إِدْرِيسَ وَأَبُو أُسَامَةَ كُلُّهُمْ عَنْ بُرَيْدٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا [6585]

4670: حضرت ابو موسیٰؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک مومن دوسرے مومن کے لئے عمارت کی طرح ہے۔ اس کا ایک حصہ دوسرے حصہ کو مضبوط کرتا ہے۔

4671{66} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِينَ فِي

4671: حضرت نعمان بن بشیرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومنوں کی مثال ایک دوسرے سے محبت کرنے اور ایک دوسرے پر رحم کرنے اور ایک دوسرے پر شفقت کرنے میں ایک

4670: **تخریج**: **بخاری** کتاب الصلاة باب تشبیک الاصابع فی المسجد وغیرہ 481 کتاب المظالم باب نصر المظلوم 2446 کتاب الادب باب تعاون المؤمن بعضهم بعضاً 6026 **نسائی** کتاب الزکاۃ اجر الخازن اذا تصدق باذن مولاہ 2560

4671: **اطراف**: **مسلم** کتاب البرّ والصلة والآداب باب تراحم المؤمنین وتعاطفهم 4672، 4673

تخریج: **بخاری** کتاب الادب باب رحمة الناس والبهائم 6011

تَوَادِّهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ مَثَلُ الْجَسَدِ إِذَا اشْتَكَى مِنْهُ عُضْوٌ تَدَاعَى لَهُ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمَّى حَدَّثَنَا إِسْحَقُ الْحَنْظَلِيُّ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ [6587,6586]

بدن کی سی ہے جب ایک عضو کو تکلیف پہنچتی ہے تو اس کی وجہ سے باقی سارا بدن بیداری اور بخار میں شامل ہوتا ہے۔

4672{67} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنُونَ كَرَجُلٍ وَاحِدٍ إِنِ اشْتَكَى رَأْسُهُ تَدَاعَى لَهُ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالْحُمَّى وَالسَّهَرِ [6588]

4672: حضرت نعمان بن بشیرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سب مومن فردِ واحد کی طرح ہیں اگر اس (مومن) کے سر میں تکلیف ہو تو اس کے لئے باقی سارا جسم بخار اور بے خوابی سے بے چین ہو جاتا ہے۔

4673{...} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ خَيْثَمَةَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمُونَ كَرَجُلٍ وَاحِدٍ إِنِ اشْتَكَى عَيْنُهُ اشْتَكَى كُلُّهُ وَإِنِ اشْتَكَى رَأْسُهُ اشْتَكَى كُلُّهُ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ

4673: حضرت نعمانؓ بشیر بیان کرتے ہیں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمام مسلمان فردِ واحد کی طرح ہیں اگر اس کی آنکھ میں تکلیف ہو تو اس کا سارا وجود تکلیف اٹھاتا ہے اور اگر اس کے سر میں تکلیف ہو تو اس کا سارا (وجود) تکلیف اٹھاتا ہے۔

4672: **اطراف**: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب تراحم المؤمنين وتعاطفهم 4671، 4673

تخریج: بخاری کتاب الادب باب رحمة الناس والبهائم 6011

4673: **اطراف**: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب تراحم المؤمنين وتعاطفهم 4671، 4672

تخریج: بخاری کتاب الادب باب رحمة الناس والبهائم 6011

بَشِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ [6590,6589]

[18]18:بَاب النَّهْيِ عَنِ السِّبَابِ

گالی گلوچ کی ممانعت کا بیان

4674{68}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنُونَ ابْنَ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا فَعَلَى الْبَادِئِ مَا لَمْ يَعْتَدِ الْمَظْلُومُ [6591]

4674: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب دو ایک دوسرے کو گالی دیں تو اس کا گناہ اس پر ہوگا جس نے ابتدا کی جب تک کہ مظلوم زیادتی نہ کرے۔

[19]19:بَاب اسْتِحْبَابِ الْعَفْوِ وَالتَّوَاضُعِ

عفو اور انکساری کے پسندیدہ ہونے کا بیان

4675{69} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ وَمَا زَادَ اللَّهُ عَبْدًا بِعَفْوٍ إِلَّا عِزًّا وَمَا تَوَاضَعَ أَحَدٌ لِلَّهِ إِلَّا رَفَعَهُ اللَّهُ [6592]

4675: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ صدقہ مال میں کمی نہیں کرتا اور عفو کرنے سے اللہ بندہ کو عزت میں ہی بڑھاتا ہے اور کوئی بھی اللہ کی خاطر انکساری نہیں کرتا ہے مگر اللہ اس کا درجہ بڑھاتا ہے۔

4675:تخریج:ترمذی کتاب البرّ والصلة باب ماجاء فی التواضع 2029

[20]20:بَاب تَحْرِيمِ الْغِيبَةِ

غیبت کے حرام ہونے کا بیان

4676{70} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَتَدْرُونَ مَا الْغِيبَةُ قَالُوا اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ ذِكْرُكَ أَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ قِيلَ أَفَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ فِي أَخِي مَا أَقُولُ قَالَ إِنْ كَانَ فِيهِ مَا تَقُولُ فَقَدِ اغْتَبْتَهُ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِيهِ فَقَدْ بَهَتَّهُ [6593]

4676: حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم جانتے ہو کہ غیبت کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ؐ بہتر جانتے ہیں آپ ؐ نے فرمایا کہ تیرا اپنے بھائی کا ایسا ذکر کرنا جسے وہ ناپسند کرے۔ عرض کیا گیا کہ حضور فرمایئے اگر میرے بھائی میں وہ بات ہو جو میں کہہ رہا ہوں تو؟ آپ ؐ نے فرمایا جو (بات) تم کہتے ہو اگر اس میں موجود ہے تو یقیناً تم نے اس کی غیبت کی اور اگر وہ (بات) اس میں نہیں تو تم نے اس پر بہتان لگایا۔

[21]21:بَاب: بِشَارَةُ مَنْ سَتَرَ اللَّهُ تَعَالَى عَيْبَهُ فِي الدُّنْيَا بِأَنْ يَسْتُرَ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ

باب: اللہ تعالیٰ جس کے عیب کی پردہ پوشی دنیا میں کرے اس کے لئے بشارت کہ آخرت میں بھی وہ اس کی پردہ پوشی فرمائے گا

4677 {71} حَدَّثَنِي أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ الْعَيْشِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا رَوْحٌ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَسْتُرُ اللَّهُ عَلَى عَبْدٍ فِي الدُّنْيَا إِلَّا سَتَرَهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ [6594]

4677: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ جس بندہ کی اس دنیا میں پردہ پوشی فرماتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی قیامت کے دن بھی پردہ پوشی فرمائے گا۔

4676: تخریج ترمذی كتاب البرّ والصلة باب ماجاء في الغيبة 1934

4677: اطراف: مسلم كتاب البرّ والصلة والآداب باب بشارة من ستر الله تعالىٰ عيبه ... 4678

4678{72} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا سُهَيْلٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَسْتُرُ عَبْدٌ عَبْدًا فِي الدُّنْيَا إِلَّا سَتَرَهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ [6595]

4678: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا جو بندہ اس دنیا میں کسی بندہ کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی کرے گا۔

[22]22: بَاب: مُدَارَاةُ مَنْ يُتَّقَى فُحْشُهُ

باب: جس کی بدخلقی سے بچا جاتا ہے اس سے بھی نرمی کا برتاؤ کرنا

4679{73} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ نُمَيْرٍ كُلُّهُمْ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَهُوَ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ سَمِعَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ يَقُولُ حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ أَنَّ رَجُلًا اسْتَأْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ائْذَنُوا لَهُ فَلَبِئْسَ ابْنُ الْعَشِيرَةِ أَوْ بِئْسَ رَجُلُ الْعَشِيرَةِ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ أَلَانَ لَهُ الْقَوْلَ قَالَتْ عَائِشَةُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ قُلْتَ لَهُ الَّذِي قُلْتَ ثُمَّ أَلَنْتَ لَهُ الْقَوْلَ قَالَ يَا عَائِشَةُ إِنَّ شَرَّ النَّاسِ مَنْزِلَةً عِنْدَ اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَنْ وَدَعَهُ أَوْ تَرَكَهُ النَّاسُ اتِّقَاءَ

4679: حضرت عروہ بن زبیرؓ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے مجھ سے بیان کیا کہ ایک شخص نے نبی ﷺ سے اجازت طلب کی تو آپؐ نے فرمایا اسے اجازت دے دو، یہ اپنے قبیلہ کا بہت برا فرد ہے یا فرمایا بہت ہی برا آدمی ہے۔ جب وہ آپؐ کے پاس اندر آیا تو آپؐ نے اس سے بڑی نرمی سے بات کی۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! پہلے تو آپؐ نے اس کے بارہ میں فرمایا تھا جو فرمایا تھا مگر آپؐ نے اس سے نرمی سے بات کی۔ آپؐ نے فرمایا اے عائشہ! قیامت کے دن اللہ کے نزدیک درجہ کے لحاظ سے بدترین شخص وہ ہوگا جسے لوگ اس کی بدگوئی سے بچنے کی وجہ سے چھوڑ دیں یا ترک کردیں۔

4678: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب بشارة من ستر الله تعالیٰ عيبه ... 4677

4679: تخريج : بخاری كتاب الادب باب لم يكن النبىّ ﷺ فاحشا ولا متفاحشا 6032 كتاب الادب باب ما يجوز من اغتياب اهل النساء 6054 باب المدارة مع الناس 6131 **ترمذی** كتاب البرّ والصلة باب ماجاء فى المدارات 1996 **ابو داؤد** كتاب الادب باب فى حسن العشرة 4791، 4792

فُحْشِهِ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ كِلَاهُمَا عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَ مَعْنَاهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ بِئْسَ أَخُو الْقَوْمِ وَابْنُ الْعَشِيرَةِ [6597,6596]

ایک روایت میں فَلَبِئْسَ ابْنُ الْعَشِيرَةِ او بِئْسَ رَجُلُ الْعَشِيرَةِ کے الفاظ ہیں۔

[23]23: بَاب فَضْلِ الرِّفْقِ

نرمی کی فضیلت کا بیان

4680{74} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ جَرِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ [6598]

4680: حضرت جریرؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا جسے نرمی سے محروم کیا جاتا ہے وہ خیر سے محروم کیا جاتا ہے۔

4681{75} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا حَفْصٌ يَعْنِي ابْنَ غِيَاثٍ كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَاللَّفْظُ لَهُمَا

4681: حضرت جریرؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جسے نرمی سے محروم کیا جاتا ہے اسے خیر سے محروم کیا جاتا ہے۔

4680: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب فضل الرفق 4681، 4682

تخریج: ابو داؤد کتاب الادب باب فی الرفق 4809 ابن ماجه کتاب الادب باب الرفق 3687، 3689

4681: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب فضل الرفق 4680، 4682

تخریج: ابو داؤد کتاب الادب باب فی الرفق 4809 ابن ماجه کتاب الادب باب الرفق 3687، 3689

قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا و قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ الْعَبْسِيِّ قَالَ سَمِعْتُ جَرِيرًا يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ [6599,6598]

4682{76} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي إِسْمَعِيلَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ قَالَ سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حُرِمَ الرِّفْقَ حُرِمَ الْخَيْرَ أَوْ مَنْ يُحْرَمُ الرِّفْقَ يُحْرَمُ الْخَيْرَ [6600]

4682: حضرت جریرؓ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ رسول للہ ﷺ نے فرمایا کہ جسے نرمی سے محروم کیا گیا اسے خیر سے محروم کیا گیا یا (فرمایا) جو نرمی سے محروم کیا جاتا ہے وہ خیر سے محروم کیا جاتا ہے۔

4683{77} حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي حَيْوَةُ حَدَّثَنِي ابْنُ الْهَادِ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ عَنْ عَمْرَةَ يَعْنِي بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عَائِشَةُ إِنَّ اللَّهَ رَفِيقٌ يُحِبُّ

4683: نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے عائشہ! اللہ رفیق ہے اور رفق کو پسند کرتا ہے اور وہ نرمی پر جو عطا کرتا ہے وہ نہ سختی پر اور نہ اس کے سوا کسی (چیز) پر عطا کرتا ہے۔

4682: اطراف: مسلم کتاب البرّو الصلة والآداب باب فضل الرفق 4680 ، 4681

تخریج : ابو داؤد کتاب الادب باب فی الرفق 4809 **ابن ماجه** کتاب الادب باب الرفق 3687 ، 3689

4683: تخریج: بخاری کتاب استتابة المرتدین والمعاندین وقتالهم باب اذا عرض الذمی وغیره بسب النبیّ ﷺ ... 6927 **ترمذی** کتاب الاستئذان والآداب باب ماجاء فی التسلیم علی اهل الذمة 2701 **ابن ماجه** کتاب الادب باب الرفق 3688 **ابو داؤد** کتاب الادب باب فی الرفق 4807

الرِّفْقَ وَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ وَمَا لَا يُعْطِي عَلَى مَا سِوَاهُ [6601]

4684{78} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْمِقْدَامِ وَهُوَ ابْنُ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الرِّفْقَ لَا يَكُونُ فِي شَيْءٍ إِلَّا زَانَهُ وَلَا يُنْزَعُ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا شَانَهُ {79} حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ سَمِعْتُ الْمِقْدَامَ بْنَ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَزَادَ فِي الْحَدِيثِ رَكِبَتْ عَائِشَةُ بَعِيرًا فَكَانَتْ فِيهِ صُعُوبَةٌ فَجَعَلَتْ تُرَدِّدُهُ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ ثُمَّ ذَكَرَ بِمِثْلِهِ [6603,6602]

4684: نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ نرمی جس چیز میں بھی ہوتی ہے اسے زینت بخشتی ہے اور جس چیز سے نرمی نکال دی جائے اسے بدصورت بنا دیتی ہے۔
ایک اور روایت میں یہ اضافہ ہے کہ حضرت عائشہؓ اونٹ پر سوار ہوئیں (تو) اس میں کچھ سرکشی تھی۔ حضرت عائشہؓ بار بار اسے موڑنے لگیں تو رسول اللہ ﷺ نے آپؓ سے فرمایا اے عائشہؓ! نرمی اختیار کرو۔

[24]24: بَاب النَّهْيِ عَنْ لَعْنِ الدَّوَابِّ وَغَيْرِهَا

جانوروں وغیرہ پر لعنت کرنے کی ممانعت کا بیان

4685{80} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُلَيَّةَ قَالَ

4685: حضرت عمران بن حصینؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ اپنے ایک سفر میں تھے۔

4684: تخریج: ابوداؤد كتاب الجهاد باب ماجاء فى الهجرة وسكنى البدو 2478 كتاب الادب باب فى الرفق 4808
4685: اطراف: مسلم كتاب البر والصلة باب عن لعن الدواب وغيرها 4686
تخریج: ابوداؤد كتاب الجهاد باب النهى عن لعن البهيمة 2561

زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ بَيْنَمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ وَامْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ عَلَى نَاقَةٍ فَضَجِرَتْ فَلَعَنَتْهَا فَسَمِعَ ذَلِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ خُذُوا مَا عَلَيْهَا وَدَعُوهَا فَإِنَّهَا مَلْعُونَةٌ قَالَ عِمْرَانُ فَكَأَنِّي أَرَاهَا الْآنَ تَمْشِي فِي النَّاسِ مَا يَعْرِضُ لَهَا أَحَدٌ {81} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو الرَّبِيعِ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ وَهُوَ ابْنُ زَيْدٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ كِلَاهُمَا عَنْ أَيُّوبَ بِإِسْنَادِ إِسْمَعِيلَ نَحْوَ حَدِيثِهِ إِلَّا أَنَّ فِي حَدِيثِ حَمَّادٍ قَالَ عِمْرَانُ فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهَا نَاقَةً وَرْقَاءَ وَفِي حَدِيثِ الثَّقَفِيِّ فَقَالَ خُذُوا مَا عَلَيْهَا وَأَعْرُوهَا فَإِنَّهَا مَلْعُونَةٌ [6604,6605]

ایک انصاری عورت اونٹنی پر سوار تھی اس نے (اس اونٹنی سے) تکلیف محسوس کی اور اس پر لعنت کی جب رسول اللہ ﷺ نے یہ سنا تو فرمایا جو (کچھ) اس کے اوپر (سامان) ہے وہ لے لو اور اسے چھوڑ دو کیونکہ یہ لعنت زدہ ہے۔ حضرت عمرانؓ نے کہا کہ گویا میں اس وقت (بھی) اسے لوگوں میں چلتے دیکھ رہا ہوں کہ کوئی اس (اونٹنی) سے تعرض نہ کرتا تھا۔

ایک روایت میں ہے کہ حضرت عمرانؓ نے کہا گویا میں اس کی طرف دیکھ رہا ہوں وہ خاکی رنگ کی اونٹنی تھی ایک روایت میں (دَعُوهَا کی بجائے) وَاَعْرُوهَا کے الفاظ ہیں (یعنی سامان اتار کر اس کی پشت خالی کردو)۔

4686{82} حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ قَالَ بَيْنَمَا جَارِيَةٌ عَلَى نَاقَةٍ عَلَيْهَا بَعْضُ مَتَاعِ الْقَوْمِ إِذْ بَصُرَتْ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَضَايَقَ بِهِمُ الْجَبَلُ

4686: حضرت ابو برزہؓ اسلمی بیان کرتے ہیں کہ ایک لڑکی ایک اونٹنی پر سوار تھی اور اس پر لوگوں کا سامان بھی تھا اس (لڑکی) نے نبی ﷺ کو دیکھا اور اس وقت پہاڑ کا تنگ راستہ آ گیا۔ اس نے (اونٹنی سے سختی سے) کہا چل، اے اللہ اس پر لعنت کر۔ اس پر نبی ﷺ نے فرمایا ہمارے ساتھ ایسی اونٹنی نہیں

4686: اطراف: مسلم كتاب البر والصلة باب النهى عن لعن الدواب وغيرها 4685

تخریج: ابوداؤد كتاب الجهاد باب النهى عن لعن البهيمة 2561

فَقَالَتْ حَلْ اللَّهُمَّ الْعَنْهَا قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُصَاحِبْنَا نَاقَةٌ عَلَيْهَا لَعْنَةٌ {83} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ ح و حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ جَمِيعًا عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَزَادَ فِي حَدِيثِ الْمُعْتَمِرِ لَا أَيْمُ اللَّهِ لَا تُصَاحِبْنَا رَاحِلَةٌ عَلَيْهَا لَعْنَةٌ مِنَ اللَّهِ أَوْ كَمَا قَالَ [6607,6606]

جائے گی جس پر لعنت (کی گئی) ہے۔
ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں نہیں خدا کی قسم ہمارے ساتھ وہ سواری نہیں جائے گی جس پر اللہ کی طرف سے لعنت ہے۔

4687 {84} حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ وَهُوَ ابْنُ بِلَالٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَنْبَغِي لِصِدِّيقٍ أَنْ يَكُونَ لَعَّانًا حَدَّثَنِيهِ أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [6609,6608]

4687: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا صدیق کے لئے مناسب نہیں کہ وہ بات بات پر لعنت کرنے والا ہو☆۔

4688{85} حَدَّثَنِي سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنِي حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ

4688: زید بن اسلم سے روایت ہے کہ عبدالملک بن مروان نے حضرت ام درداءؓ کو اپنے پاس سے

☆ یہاں لعنت کرنے والوں سے مراد وہ لوگ ہیں جو اللہ کے اذن اور رضا کے خلاف لعنت کرتے رہتے ہیں۔ ورنہ قرآن شریف میں بیان ہے کہ بنی اسرائیل کے کفار پر حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان مبارک پر لعنت کی گئی۔

4688: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب النهى عن لعن الدواب وغيرها 4689

أَنَّ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ مَرْوَانَ بَعَثَ إِلَى أُمِّ الدَّرْدَاءِ بِأَنْجَادٍ مِنْ عِنْدِهِ فَلَمَّا أَنْ كَانَ ذَاتَ لَيْلَةٍ قَامَ عَبْدُ الْمَلِكِ مِنَ اللَّيْلِ فَدَعَا خَادِمَهُ فَكَأَنَّهُ أَبْطَأَ عَلَيْهِ فَلَعَنَهُ فَلَمَّا أَصْبَحَ قَالَتْ لَهُ أُمُّ الدَّرْدَاءِ سَمِعْتُكَ اللَّيْلَةَ لَعَنْتَ خَادِمَكَ حِينَ دَعَوْتَهُ فَقَالَتْ سَمِعْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَكُونُ اللَّعَّانُونَ شُفَعَاءَ وَلَا شُهَدَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ وَعَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ التَّيْمِيُّ قَالُوا حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ كِلَاهُمَا عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ بِمِثْلِ مَعْنَى حَدِيثِ حَفْصِ بْنِ مَيْسَرَةَ [6611,6610]

گھریلو سامان آرائش بھیجا ایک رات عبدالملک نے اپنے خادم کو بلایا شاید اس نے کچھ تاخیر کی تو اس نے اس پر لعنت کی پھر جب صبح ہوئی تو حضرت ام درداءؓ نے اس سے کہا کہ میں نے رات کو آپ سے سنا کہ آپ نے خادم کو بلاتے وقت اس پر لعنت کی پھر حضرت ام درداءؓ نے کہا کہ میں نے حضرت ابو درداءؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن لعنت کرنے والے نہ شفیع ہونگے اور نہ گواہ۔

4689{86} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ وَأَبِي حَازِمٍ عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللَّعَّانِينَ لَا يَكُونُونَ شُهَدَاءَ وَلَا شُفَعَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ [6612]

4689: حضرت ابودرداءؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ بات بات پر لعنت کرنے والے نہ تو قیامت کے دن گواہ ہونگے نہ شفیع ہونگے۔

4689: اطراف: مسلم كتاب البرّ والصلة والآداب باب النهي عن لعن الدواب وغيرها 4688

4690{87} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَا حَدَّثَنَا مَرْوَانُ يَعْنِيَانِ الْفَزَارِيَّ عَنْ يَزِيدَ وَهُوَ ابْنُ كَيْسَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ ادْعُ عَلَى الْمُشْرِكِينَ قَالَ إِنِّي لَمْ أُبْعَثْ لَعَّانًا وَإِنَّمَا بُعِثْتُ رَحْمَةً [6613]

4690: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ عرض کیا گیا یا رسولؐ اللہ! مشرکوں پر بددعا کیجئے۔ آپؐ نے فرمایا میں لعنت کرنے والا کر کے مبعوث نہیں کیا گیا اور مجھے رحمت بنا کر مبعوث کیا گیا ہے۔

[20]20: بَاب مَنْ لَعَنَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ سَبَّهُ أَوْ دَعَا عَلَيْهِ وَلَيْسَ هُوَ أَهْلًا لِذَلِكَ كَانَ لَهُ زَكَاةً وَأَجْرًا وَرَحْمَةً

اس بات کا بیان کہ نبی ﷺ نے جس پر لعنت کی یا جسے برا بھلا کہا یا جس کے خلاف دعا کی اور وہ اس کا اہل نہیں تھا تو یہ اس کے لئے پاکیزگی، اجر اور رحمت کا موجب ہے

4691{88}حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي الضُّحَى عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَانِ فَكَلَّمَاهُ بِشَيْءٍ لَا أَدْرِي مَا هُوَ فَأَغْضَبَاهُ فَلَعَنَهُمَا وَسَبَّهُمَا فَلَمَّا خَرَجَا قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَنْ أَصَابَ مِنَ الْخَيْرِ شَيْئًا مَا أَصَابَهُ هَذَانِ قَالَ وَمَا ذَاكِ قَالَتْ قُلْتُ لَعَنْتَهُمَا وَسَبَبْتَهُمَا قَالَ أَوَ مَا عَلِمْتِ مَا

4691: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ دو آدمی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کسی معاملہ کے بارہ میں آپؐ سے بات کی مجھے نہیں پتہ کہ وہ کیا تھا۔ ان دونوں نے آپؐ کو غصہ دلایا اور آپؐ نے ان دونوں پر لعنت کی اور انہیں برا بھلا کہا۔ جب وہ دونوں باہر نکلے تو میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! جو کوئی بھی کوئی خیر پائے تو یہ دونوں اس کو نہیں پائیں گے؟ آپؐ نے فرمایا تم کیا کہنا چاہتی ہو؟ وہ بیان کرتی ہیں میں نے عرض کیا آپؐ نے ان دونوں پر

4691 : اطراف: مسلم كتاب البرّ والصلة والآداب باب من لعنه النبيّ ﷺ او سبّه ... 4692، 4693، 4694، 4695، 4696، 4697، 4698

تخريج : بخاری كتاب الدعوات باب قول النبيّ ﷺ من أذيته فاجعله له زكاة ورحمة 6361

شَارَطْتُ عَلَيْهِ رَبِّي قُلْتُ اللَّهُمَّ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ فَأَيُّ الْمُسْلِمِينَ لَعَنْتُهُ أَوْ سَبَبْتُهُ فَاجْعَلْهُ لَهُ زَكَاةً وَأَجْرًا حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَاه عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ جَمِيعًا عَنْ عِيسَى بْنِ يُونُسَ كِلَاهُمَا عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِ جَرِيرٍ و قَالَ فِي حَدِيثِ عِيسَى فَخَلَوَا بِهِ فَسَبَّهُمَا وَلَعَنَهُمَا وَأَخْرَجَهُمَا [6615,6614]

لعنت کی اور انہیں برا بھلا کہا۔ آپؐ نے فرمایا کیا تمہیں پتہ نہیں کہ میں نے اپنے رب سے اس بات میں کیا شرط ٹھہرائی ہوئی ہے؟ میں نے کہا ہے کہ اے اللہ! میں تو محض ایک بشر ہوں اگر مسلمانوں میں سے کسی پر میں لعنت کروں یا برا بھلا کہوں تو تُو اسے اس کے لئے پاکیزگی اور اجر کا موجب بنا دینا۔
ایک روایت میں (خَرَجَا کی بجائے) اَخْرَجَهُمَا کے الفاظ ہیں۔ اسی روایت میں فَخَلَوا بِهِ کے الفاظ ہیں یعنی انہوں نے آپؐ سے علیحدگی میں بات کی۔

4692{89}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ فَأَيُّمَا رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ سَبَبْتُهُ أَوْ لَعَنْتُهُ أَوْ جَلَدْتُهُ فَاجْعَلْهَا لَهُ زَكَاةً وَرَحْمَةً و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ إِلَّا أَنَّ فِيهِ زَكَاةً وَأَجْرًا حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ

4692: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے اللہ! میں تو محض ایک انسان ہوں پس مسلمانوں میں سے کسی آدمی کو برا بھلا کہوں یا اس پر لعنت کروں یا اسے سزا دوں تو اسے اس کے لئے پاکیزگی اور رحمت کا موجب بنا دینا۔
ایک روایت میں (زَكَاةً کی بجائے) زَكَاةً وَاَجْرًا کے الفاظ ہیں۔

4692: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب من لعنه النبیّ ﷺ او سبّه ... 4691، 4693، 4694، 4695، 4696، 4697، 4698

تخریج: بخاری کتاب الدعوات باب قول النبیّ ﷺ من اذیته فاجعله له زکاۃ ورحمة 6361

إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ كِلَاهُمَا عَنِ الْأَعْمَشِ بِإِسْنَادِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ مِثْلَ حَدِيثِهِ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِ عِيسَى جَعَلَ وَأَجْرًا فِي حَدِيثِ أَبِي هُرَيْرَةَ وَجَعَلَ وَرَحْمَةً فِي حَدِيثِ جَابِرٍ [6618,6617,6616]

4693{90} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِزَامِيَّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللَّهُمَّ إِنِّي أَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَنْ تُخْلِفَنِيهِ فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ فَأَيُّ الْمُؤْمِنِينَ آذَيْتُهُ شَتَمْتُهُ لَعَنْتُهُ جَلَدْتُهُ فَاجْعَلْهَا لَهُ صَلَاةً وَزَكَاةً وَقُرْبَةً تُقَرِّبُهُ بِهَا إِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَدَّثَنَاه ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ أَوْ جَلَدُّهُ قَالَ أَبُو الزِّنَادِ وَهِيَ لُغَةُ أَبِي هُرَيْرَةَ وَإِنَّمَا هِيَ جَلَدْتُهُ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ مَعْبَدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ [6621,6620,6619]

4693: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ اے اللہ! میں تجھ سے ایک عہد لینا چاہتا ہوں تو اسے میری خاطر کبھی رد نہ فرمائے گا۔ میں تو ایک انسان ہوں پس اگر کسی مومن کو میں تکلیف دوں یا اس کو برا بھلا کہوں یا لعنت کروں یا اسے سزا دوں تو تُو اسے اس کے لئے دعا اور پاکیزگی اور قرب کا ذریعہ بنا دے جس کے ذریعہ قیامت کے دن تو اس کو اپنا قرب عطا فرما دے۔

ایک روایت میں (جَلَدْتُهُ کی بجائے) جَلَدُّهُ کے الفاظ ہیں (جَلَدُّهُ) یہ حضرت ابو ہریرہؓ کی لغت (dilect) ہے اور یہ جَلَدْتُهُ ہی ہے۔

4693: اطراف: مسلم كتاب البرّ والصلة والآداب باب من لعنه النبيّ ﷺ او سبّه ...4691، 4692، 4694، 4695، 4696، 4697، 4698

تخريج: بخاری كتاب الدعوات باب قول النبيّ ﷺ من اذيته فاجعله له زكاة ورحمة 6361

4694{91} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ سَالِمٍ مَوْلَى النَّصْرِيِّينَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اللَّهُمَّ إِنَّمَا مُحَمَّدٌ بَشَرٌ يَغْضَبُ كَمَا يَغْضَبُ الْبَشَرُ وَإِنِّي قَدِ اتَّخَذْتُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَنْ تُخْلِفَنِيهِ فَأَيُّمَا مُؤْمِنٍ آذَيْتُهُ أَوْ سَبَبْتُهُ أَوْ جَلَدْتُهُ فَاجْعَلْهَا لَهُ كَفَّارَةً وَقُرْبَةً تُقَرِّبُهُ بِهَا إِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ [6622]

4694: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا اے اللہ! محمدؐ ایک بشر ہی تو ہے۔ بشر کی طرح اس کو غصہ (بھی) آتا ہے اے اللہ! میں نے تجھ سے ایک عہد باندھ لیا ہے تو کبھی میری خاطر یہ رد نہیں کرے گا۔ اگر کسی مومن کو میں تکلیف دوں یا برا بھلا کہوں یا سزا دوں تو تُو اسے اس کے لئے (گناہوں کا) کفارہ اور قیامت کے دن اس بات کو اس کے لئے اپنے حضور قرب کا موجب بنا دینا۔

4695{92} حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اللَّهُمَّ فَأَيُّمَا عَبْدٍ مُؤْمِنٍ سَبَبْتُهُ فَاجْعَلْ ذَلِكَ لَهُ قُرْبَةً إِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ [6623]

4695: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اے اللہ جس مومن بندہ کو بھی میں برا بھلا کہوں، اسے اس کے لئے قیامت کے دن اپنے حضور قرب کا موجب بنا دینا۔

4696{93} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ

4696: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کہتے ہوئے سنا کہ اے اللہ! میں

4694: اطراف مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب من لعنه النبیّ ﷺ او سبّه ... 4691، 4692، 4693، 4695 4696 4697، 4698

تخریج: بخاری کتاب الدعوات باب قول النبیّ ﷺ من اذیته فاجعله له زکاة ورحمة 6361

4695: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب من لعنه النبیّ ﷺ او سبّه ... 4691، 4692، 4693، 4694، 4696 4697، 4698

تخریج: بخاری کتاب الدعوات باب قول النبیّ ﷺ من اذیته فاجعله له زکاة ورحمة 6361

4696: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب من لعنه النبیّ ﷺ او سبّه ... 4691، 4692، 4693، 4694 4695 4697، 4698

تخریج: بخاری کتاب الدعوات باب قول النبیّ ﷺ من اذیته فاجعله له زکاة ورحمة 6361

إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِي ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَمِّهِ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اللَّهُمَّ إِنِّي اتَّخَذْتُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَنْ تُخْلِفَنِيهِ فَأَيُّمَا مُؤْمِنٍ سَبَبْتُهُ أَوْ جَلَدْتُهُ فَاجْعَلْ ذَلِكَ كَفَّارَةً لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ [6624]

نے تجھ سے ایک عہد باندھا ہے تو میری خاطر اسے کبھی رد نہ کرنا جس مومن کو میں برا بھلا کہوں یا اسے سزا دوں تو اسے اس کے لئے قیامت کے دن کفارہ بنا دینا۔

4697{94} حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَحَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ قَالَا حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ وَإِنِّي اشْتَرَطْتُ عَلَى رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ أَيُّ عَبْدٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ سَبَبْتُهُ أَوْ شَتَمْتُهُ أَنْ يَكُونَ ذَلِكَ لَهُ زَكَاةً وَأَجْرًا حَدَّثَنِيهِ ابْنُ أَبِي خَلَفٍ حَدَّثَنَا رَوْحٌ ح و حَدَّثَنَاه عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [6626,6625]

4697: حضرت جابر بن عبد اللہؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں تو محض ایک بشر ہوں اور میں نے اپنے رب عزّ وجل سے شرط رکھی ہے کہ مسلمانوں میں سے جس بندہ کو میں برا بھلا کہوں یا اس سے تلخ کلامی کروں تو وہ اس کے لئے پاکیزگی اور اجر بن جائے۔

4698{95} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُو مَعْنٍ الرَّقَاشِيُّ وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا

4698: حضرت انسؓ بن مالک بیان کرتے ہیں کہ حضرت ام سلیمؓ کے پاس ایک یتیم بچی تھی

4697: اطراف: مسلم كتاب البرّ والصلة والآداب باب من لعنه النبيّ ﷺ او سبّه ... 4691، 4692، 4693، 4694، 4695، 4696، 4698

تخریج: بخاری كتاب الدعوات باب قول النبيّ ﷺ من آذيته فاجعله له زكاة ورحمة 6361

4698: اطراف: مسلم كتاب البرّ والصلة والآداب باب من لعنه النبيّ ﷺ او سبّه ... 4691، 4692، 4693، 4694، 4695، 4696، 4697

تخریج: بخاری كتاب الدعوات باب قول النبيّ ﷺ من آذيته فاجعله له زكاة ورحمة 6361

عُمَرُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ أَبِي طَلْحَةَ حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ كَانَتْ عِنْدَ أُمِّ سُلَيْمٍ يَتِيمَةٌ وَهِيَ أُمُّ أَنَسٍ فَرَأَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْيَتِيمَةَ فَقَالَ آنْتِ هِيَهْ لَقَدْ كَبِرْتِ لَا كَبِرَ سِنُّكِ فَرَجَعَتِ الْيَتِيمَةُ إِلَى أُمِّ سُلَيْمٍ تَبْكِي فَقَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ مَا لَكِ يَا بُنَيَّةُ قَالَتِ الْجَارِيَةُ دَعَا عَلَيَّ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا يَكْبَرَ سِنِّي فَالْآنَ لَا يَكْبَرُ سِنِّي أَبَدًا أَوْ قَالَتْ قَرْنِي فَخَرَجَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ مُسْتَعْجِلَةً تَلُوثُ خِمَارَهَا حَتَّى لَقِيَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَكِ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ فَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللَّهِ أَدَعَوْتَ عَلَى يَتِيمَتِي قَالَ وَمَا ذَاكِ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ قَالَتْ زَعَمَتْ أَنَّكَ دَعَوْتَ أَنْ لَا يَكْبَرَ سِنُّهَا وَلَا يَكْبَرَ قَرْنُهَا قَالَ فَضَحِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ أَمَا تَعْلَمِينَ أَنَّ شَرْطِي عَلَى رَبِّي أَنِّي اشْتَرَطْتُ عَلَى رَبِّي فَقُلْتُ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ أَرْضَى كَمَا يَرْضَى الْبَشَرُ وَأَغْضَبُ كَمَا يَغْضَبُ الْبَشَرُ فَأَيُّمَا أَحَدٍ دَعَوْتُ عَلَيْهِ مِنْ أُمَّتِي بِدَعْوَةٍ لَيْسَ لَهَا بِأَهْلٍ أَنْ يَجْعَلَهَا لَهُ

اور وہ (حضرت ام سلیمؓ) حضرت انسؓ کی والدہ ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے اس یتیم بچی کو دیکھا تو فرمایا تم وہی ہو، بہت بڑی ہوگئی ہو، اب تمہاری عمر نہ بڑھے۔ تب وہ یتیم بچی روتے ہوئے حضرت ام سلیمؓ کے پاس آ گئی تو حضرت ام سلیمؓ نے پوچھا اے میری پیاری بیٹی تجھے کیا ہوا ہے؟ (اس) لڑکی نے کہا اللہ کے نبی ﷺ نے میرے خلاف دعا کی ہے کہ میری عمر نہ بڑھے۔ اب کبھی میری عمر نہیں بڑھے گی۔ یا اس نے کہا میرا زمانہ۔ اس پر حضرت ام سلیمؓ جلدی سے اپنی اوڑھنی اوڑھتے ہوئے باہر آئیں اور رسول اللہ ﷺ سے جا ملیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے پوچھا اے اُمّ سلیم! کیا بات ہے؟ انہوں نے عرض کیا اے اللہ کے نبیؐ! کیا آپؐ نے میری یتیم بچی کے خلاف دعا کی ہے؟ آپؐ نے فرمایا ام سلیمؓ ہوا کیا ہے؟ وہ کہنے لگیں اس کا خیال ہے کہ آپؐ نے اسے دعا دی ہے کہ نہ اس کی عمر بڑھے اور نہ اس کا زمانہ بڑھے۔ راوی کہتے ہیں اس پر رسول اللہ ﷺ مسکرائے پھر فرمایا اے ام سلیمؓ! کیا تجھے میرے رب سے میری شرط کا پتہ نہیں جو میں نے اپنے رب سے کی ہوئی ہے؟ میں نے کہا کہ میں تو ایک بشر ہوں اور ایک بشر کی طرح خوش ہوتا ہوں اور ایک بشر کی طرح ناراض (بھی) ہوتا ہوں۔ پس جس کسی کے خلاف میں اپنی امت میں سے اس کے خلاف دعا کروں جس کا وہ

طَهُورًا وَزَكَاةً وَقُرْبَةً يُقَرِّبُهُ بِهَا مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ و قَالَ أَبُو مَعْنٍ يُتَيِّمَةٌ بِالتَّصْغِيرِ فِي الْمَوَاضِعِ الثَّلَاثَةِ مِنَ الْحَدِيثِ [6627]

اہل نہ ہوتو (اللہ) اسے قیامت کے دن اس کے لئے طہارت، پاکیزگی اور اپنے قرب کا موجب بنادے جو اسے قیامت کے دن اس کے قریب کرے۔
ایک روایت میں (الْيَتِيمَة کی بجائے) اس کی تصغیر يُتَيِّمَةٌ ہے۔

4738: حضرت ابوسعید خدریؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ (اللہ فرماتا ہے) کہ عزت اس کا ازار ہے اور کبریائی اس کی چادر ہے جو مجھ سے یہ چھینے گا میں اسے عذاب دوں گا۔

[39]39:بَاب النَّهْيِ عَنْ تَقْنِيطِ الْإِنْسَانِ مِنْ رَحْمَةِ اللَّهِ
کسی انسان کو رحمت الٰہی سے مایوس کرنے کی ممانعت کا بیان

4739{137} حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ مُعْتَمِرِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِيهِ حَدَّثَنَا أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ جُنْدَبٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ وَاللَّهِ لَا يَغْفِرُ اللَّهُ لِفُلَانٍ وَإِنَّ اللَّهَ تَعَالَى قَالَ مَنْ ذَا الَّذِي يَتَأَلَّى عَلَيَّ أَنْ لَا أَغْفِرَ لِفُلَانٍ فَإِنِّي قَدْ غَفَرْتُ لِفُلَانٍ وَأَحْبَطْتُ عَمَلَكَ أَوْ كَمَا قَالَ [6682]

4739: حضرت جندبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک شخص نے کہا کہ اللہ کی قسم ہے کہ اللہ فلاں کو نہیں بخشے گا اور اللہ فرماتا ہے کہ کون ہے جو مجھ پر قسم کھاتا ہے کہ میں فلاں کو نہیں بخشوں گا میں نے فلاں کو بخش دیا اور تیرے عمل کو ضائع کر دیا یا جیسا راوی نے کہا۔

4738 : تخريج: ابو داؤد كتاب اللباس باب ماجاء فى الكبر 4090

[40]40:بَاب فَضْلِ الضُّعَفَاءِ وَالْخَامِلِينَ

کمزور اور گوشہ نشیں لوگوں کی فضیلت کا بیان

4740{138} حَدَّثَنِي سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنِي حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُبَّ أَشْعَثَ مَدْفُوعٍ بِالْأَبْوَابِ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللَّهِ لَأَبَرَّهُ [6682]

4740: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کتنے ہی پراگندہ بال دروازوں سے دھتکار دیئے جانے والے ہیں اگر وہ اللہ پر قسم کھالیں تو وہ ضرور اسے پورا کردے۔

[41]41:بَاب النَّهْيِ عَنْ قَوْلِ هَلَكَ النَّاسُ

یہ کہنے کی ممانعت کا بیان کہ لوگ ہلاک ہو گئے

4741{139} حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا قَالَ الرَّجُلُ هَلَكَ النَّاسُ فَهُوَ أَهْلَكُهُمْ قَالَ أَبُو إِسْحَقَ لَا أَدْرِي أَهْلَكَهُمْ بِالنَّصْبِ أَوْ أَهْلَكُهُمْ بِالرَّفْعِ

4741: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب کوئی شخص یہ کہے کہ لوگ ہلاک ہو گئے تو وہ ان سب سے زیادہ ہلاک ہونے والا ہے۔

راوی کہتے ہیں مجھے نہیں پتہ کہ اَھْلَکَھُم (زبر سے) ہے یا اَھْلَکُھُم (پیش سے) ہے☆۔

☆ اَھْلَکَھُم کے معنے ہیں اس نے انہیں ہلاک کیا اَھْلَکُھُم کے معنے ہیں وہ ان سب سے زیادہ ہلاک شدہ ہے۔

4740 : اطراف : مسلم کتاب الجنة وصفة نعيمها واهلها باب النار يدخلها الجبارون والجنّة يدخلها الضعفاء 5080

4741 : تخريج: ابوداؤد كتاب الادب باب لايقال: خبثت نفسی 4983

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ ح و حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ جَمِيعًا عَنْ سُهَيْلٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [6684,6683]

[42]42:بَاب الْوَصِيَّةِ بِالْجَارِ وَالْإِحْسَانِ إِلَيْهِ

پڑوسی کے بارہ میں تاکیدی ارشاد اور اس سے حسن سلوک کا بیان

4742{140} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ ح و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ وَيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ كُلُّهُمْ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ يَعْنِي الثَّقَفِيَّ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ أَخْبَرَنِي أَبُو بَكْرٍ وَهُوَ ابْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ أَنَّ عَمْرَةَ حَدَّثَتْهُ أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ تَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا زَالَ جِبْرِيلُ يُوصِينِي بِالْجَارِ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ لَيُوَرِّثَنَّهُ حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ

4742: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جبرائیل مجھے مسلسل پڑوسی کے بارہ میں تاکید کرتا رہا یہانتک کہ مجھے گمان ہوا کہ وہ ضرور اسے وارث بھی قرار دے دے گا۔

4742 : اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب الوصية بالجار والاحسان اليه 4743
تخریج: بخاری کتاب الادب باب الوصاءة بالجابر 6014 ، 6015 ترمذی کتاب البرّ والصلة باب ماجاء فی حقّ الجوار 1942 1943 **ابوداؤد** کتاب الادب باب فی حقّ الجوار 5151 ، 5152 **ابن ماجه** کتاب الادب باب حق الجوار 3673 ، 3674

عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ [6686,6685]

4743{141} حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا زَالَ جِبْرِيلُ يُوصِينِي بِالْجَارِ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ [6687]

4743: حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جبرائیل مجھے پڑوسی کے بارہ میں تاکید کرتا رہا یہانتک کہ مجھے گمان ہوا کہ وہ اسے وارث قرار دے گا۔

4744{142} حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَاللَّفْظُ لِإِسْحَقَ قَالَ أَبُو كَامِلٍ حَدَّثَنَا و قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيُّ حَدَّثَنَا أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا ذَرٍّ إِذَا طَبَخْتَ مَرَقَةً فَأَكْثِرْ مَاءَهَا وَتَعَاهَدْ جِيرَانَكَ [6688]

4744: حضرت ابو ذرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے ابوذرؓ! جب تو شوربہ بنائے تو اس میں پانی زیادہ ڈال دے اور پڑوسیوں کا خیال کر۔

4745{143} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ ح و حَدَّثَنَا

4745: حضرت ابو ذرؓ بیان کرتے ہیں کہ میرے دلی دوست ﷺ نے مجھے تاکید کی کہ جب تو شوربہ

4743: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلۃ والآداب باب الوصیۃ بالجار والاحسان الیہ 4742

تخریج: بخاری کتاب الادب باب الوصاۃ بالجابر 6014، 6015 **ترمذی** کتاب البرّ والصلۃ باب ماجاء فی حقّ الجوار 1942 1943 **ابو داؤد** کتاب الادب باب فی حقّ الجوار 5151، 5152 **ابن ماجہ** کتاب الادب باب حق الجوار 3673، 3674

4744: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلۃ والآداب باب الوصیۃ بالجار والاحسان الیہ 4745

تخریج: ترمذی کتاب الاطعمۃ باب ماجاء فی اکثار ماء المرقۃ 1832، 1833 **ابن ماجہ** کتاب الاطعمۃ باب من طبخ فلیکثر ماءہ 3362

4745: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلۃ والآداب باب الوصیۃ بالجار والاحسان الیہ 4744

تخریج: ترمذی کتاب الاطعمۃ باب ماجاء فی اکثار ماء المرقۃ 1832، 1833 **ابن ماجہ** کتاب الاطعمۃ باب من طبخ فلیکثر ماءہ 3362

أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ إِنَّ خَلِيلِي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْصَانِي إِذَا طَبَخْتَ مَرَقًا فَأَكْثِرْ مَاءَهُ ثُمَّ انْظُرْ أَهْلَ بَيْتٍ مِنْ جِيرَانِكَ فَأَصِبْهُمْ مِنْهَا بِمَعْرُوفٍ [6689]

تو اس میں پانی زیادہ ڈال لے اور اپنے پڑوسیوں کے گھر والوں کا خیال رکھ اور اس میں سے انہیں مناسب طور پر دے۔

[43]43: بَاب اسْتِحْبَابِ طَلَاقَةِ الْوَجْهِ عِنْدَ اللِّقَاءِ

ملاقات کے وقت خندہ پیشانی کے پسندیدہ ہونے کا بیان

4746{144} حَدَّثَنِي أَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ يَعْنِي الْخَزَّازَ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوفِ شَيْئًا وَلَوْ أَنْ تَلْقَى أَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلْقٍ [6690]

4746: حضرت ابو ذرؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے مجھے فرمایا نیکی کو حقیر مت سمجھو خواہ تمہارا اپنے بھائی سے کشادہ پیشانی سے ملنا ہی کیوں نہ ہو۔

[44]44: بَاب اسْتِحْبَابِ الشَّفَاعَةِ فِيمَا لَيْسَ بِحَرَامٍ

ان باتوں میں جو حرام نہیں سفارش کرنے کے پسندیدہ ہونے کا بیان

4747{145} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ وَحَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ

4747: حضرت ابو موسیٰؓ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کے پاس کوئی ضرورت مند آتا تو

4746: تخریج:ترمذی كتاب الاطعمة باب ماجاء فی اكثار ماء المرقة 1833

4747: تخريج:بخارى كتاب الزكاة باب التحريض على الصدقة والشفاعة فيها 1432 كتاب الادب باب تعاون المؤمنين بعضهم بعضاً 6027 باب قول الله تعالیٰ من يشفع شفاعة حسنة ... 6028 كتاب التوحيد باب قول الله تعالیٰ تؤتی الملک من تشاء 7476 **ترمذی** كتاب العلم باب ماجاء الدال على الخير كفاعله 2672 **نسائی** كتاب الزكاة الشفاعة فی الصدقة 2556 ، 2557 **ابو داؤد** كتاب الادب باب فی الشفاعة 5131 ، 5132

عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَاهُ طَالِبُ حَاجَةٍ أَقْبَلَ عَلَى جُلَسَائِهِ فَقَالَ اشْفَعُوا فَلْتُؤْجَرُوا وَلْيَقْضِ اللَّهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ مَا أَحَبَّ [6691]

آپؐ اپنے پاس بیٹھے ہوئے احباب کی طرف متوجہ ہوتے اور فرماتے سفارش کروتمہیں اجر دیا جائے گا اور اللہ جو پسند کرے گا (وہی) اپنے نبیؐ کی زبان پر فیصلہ فرمائے گا۔

[45]45: بَاب اسْتِحْبَابِ مُجَالَسَةِ الصَّالِحِينَ وَمُجَانَبَةِ قُرَنَاءِ السُّوءِ

نیک لوگوں کے ہم نشین ہونے اور برے ساتھیوں سے بچنے کی پسندیدگی کا بیان

4748{146} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّمَا مَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ وَالْجَلِيسِ السَّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيرِ فَحَامِلُ الْمِسْكِ إِمَّا أَنْ يُحْذِيَكَ وَإِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا طَيِّبَةً وَنَافِخُ الْكِيرِ إِمَّا أَنْ يُحْرِقَ ثِيَابَكَ وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ رِيحًا خَبِيثَةً [6692]

4748: حضرت ابوموسیٰؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا اچھے ساتھی اور برے ساتھی کی مثال مشک اٹھانے والے اور بھٹی جھونکنے والے کی سی ہے۔ خوشبو والا یا تو تجھے (خوشبو) دے دے گا یا تو اس سے خرید لے گا یا کم از کم تجھے اس سے اچھی خوشبو تو آجائے گی اور بھٹی جھونکنے والا یا تو تیرے کپڑے جلا دے گا یا تجھے اس سے بدبو آئے گی۔

4748: تخریج: بخاری کتاب البیوع باب فی العطار وبیع المسک 2101 کتاب الذبائح والصید باب المسک 5534

[46]46:بَاب فَضْلِ الْإِحْسَانِ إِلَى الْبَنَاتِ

بیٹیوں سے حسنِ سلوک کی فضیلت کا بیان

4749{147} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قُهْزَاذَ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ ح و حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بَهْرَامَ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ وَاللَّفْظُ لَهُمَا قَالَا أَخْبَرَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ جَاءَتْنِي امْرَأَةٌ وَمَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا فَسَأَلَتْنِي فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِي شَيْئًا غَيْرَ تَمْرَةٍ وَاحِدَةٍ فَأَعْطَيْتُهَا إِيَّاهَا فَأَخَذَتْهَا فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا وَلَمْ تَأْكُلْ مِنْهَا شَيْئًا ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ وَابْنَتَاهَا فَدَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهُ حَدِيثَهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتُلِيَ مِنَ الْبَنَاتِ بِشَيْءٍ فَأَحْسَنَ إِلَيْهِنَّ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ [6693]

4749: نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میرے پاس ایک عورت آئی اور اُس کے ساتھ اس کی دو بیٹیاں تھیں اس نے مجھ سے مانگا مگر اس نے میرے پاس سوائے ایک کھجور کے کچھ نہ پایا۔ میں نے وہی اسے دے دی۔ اس نے وہ لی اور وہی اپنی دونوں بیٹیوں میں تقسیم کر دی اور خود اس میں سے کچھ نہ کھایا۔ پھر اُٹھ گئی اور اس کی دونوں بیٹیاں بھی۔ پھر نبی ﷺ میرے پاس تشریف لائے تو میں نے آپ کو اس کی بات بتائی اس پر نبی ﷺ نے فرمایا جس کی بیٹیوں سے کچھ آزمائش کی گئی اور اس نے ان بیٹیوں سے حسن سلوک کیا تو وہ آگ سے اس کے لئے روک ہو جائیں گی۔

4749: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب فضل الاحسان الى البنات 4750

تخریج : بخاری کتاب کتاب الزکاة باب اتقوا النار ولو بشق تمرة ... 1418 کتاب الادب باب رحمة الولد وتقبیله و معانقته 5995 **ترمذی** کتاب البرّ والصلة باب ماجاء فی النفقة على البنات والاخوات 1913 ، 1915 ، 1916 **ابن ماجه** کتاب الادب باب برّ الوالد والاحسان الى البنات 3668

4750{148}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا بَكْرٌ يَعْنِي ابْنَ مُضَرَ عَنِ ابْنِ الْهَادِ أَنَّ زِيَادَ بْنَ أَبِي زِيَادٍ مَوْلَى ابْنِ عَيَّاشٍ حَدَّثَهُ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ جَاءَتْنِي مِسْكِينَةٌ تَحْمِلُ ابْنَتَيْنِ لَهَا فَأَطْعَمْتُهَا ثَلَاثَ تَمَرَاتٍ فَأَعْطَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا تَمْرَةً وَرَفَعَتْ إِلَى فِيهَا تَمْرَةً لِتَأْكُلَهَا فَاسْتَطْعَمَتْهَا ابْنَتَاهَا فَشَقَّتِ التَّمْرَةَ الَّتِي كَانَتْ تُرِيدُ أَنْ تَأْكُلَهَا بَيْنَهُمَا فَأَعْجَبَنِي شَأْنُهَا فَذَكَرْتُ الَّذِي صَنَعَتْ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ اللَّهَ قَدْ أَوْجَبَ لَهَا بِهَا الْجَنَّةَ أَوْ أَعْتَقَهَا بِهَا مِنَ النَّارِ [6694]

4750:حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ میرے پاس ایک مسکین عورت اپنی دو بیٹیاں اُٹھائے ہوئے آئی تو میں نے اسے تین کھجوریں کھانے کو دیں اس نے ان دونوں میں سے ہر ایک کو ایک ایک کھجور دی اور ایک کھجور کھانے کے لئے اپنے منہ کی طرف بڑھائی ہی تھی کہ اس کی بیٹیوں نے کھانے کے لئے وہ بھی مانگ لی۔ چنانچہ اس نے وہ کھجور جسے وہ کھانا چاہتی تھی ان دونوں کے درمیان آدھی آدھی تقسیم کردی۔ مجھے اس کا فعل پسند آیا اور میں نے جو اس نے کیا تھا رسول اللہ ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو آپؐ نے فرمایا کہ اللہ نے اس وجہ سے اس پر جنت واجب کردی یا (فرمایا) اس کی وجہ سے اسے آگ سے آزاد کردیا۔

4751{149}حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَالَ جَارِيَتَيْنِ حَتَّى تَبْلُغَا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَنَا وَهُوَ وَضَمَّ أَصَابِعَهُ [6695]

4751:حضرت انسؓ بن مالک بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے دو بچیوں کی پرورش کی یہانتک کہ وہ دونوں بالغ ہوگئیں تو قیامت کے دن وہ آئے گا، میں اور وہ اس طرح ہوں گے اور آپؐ نے اپنی انگلیوں کو ملایا۔

4750 : اطراف:مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب فضل الاحسان الی البنات 4749

تخریج:بخاری کتاب کتاب الزکاة باب اتقوا النار ولو بشق تمرة ... 1418 کتاب الادب باب رحمة الولد وتقبيله و معانقته 5995 ترمذی کتاب البرّ والصلة باب ماجاء فی النفقة علی البنات والاخوات 1913 ،1915 ،1916 ابن ماجه کتاب الادب باب برّ الوالد والاحسان الی البنات 3668

4751: تخریج:ترمذی کتاب البرّ والصلة باب ماجاء فی النفقة علی البنات والاخوات 1914

[47]47:بَاب فَضْلِ مَنْ يَمُوتُ لَهُ وَلَدٌ فَيَحْتَسِبَهُ

اس کی فضیلت کا بیان جس کا بچہ مرجائے اور وہ راضی برضا رہے

4752{150}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَمُوتُ لِأَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ فَتَمَسَّهُ النَّارُ إِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَابْنُ رَافِعٍ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ كِلَاهُمَا عَنِ الزُّهْرِيِّ بِإِسْنَادِ مَالِكٍ وَبِمَعْنَى حَدِيثِهِ إِلَّا أَنَّ فِي حَدِيثِ سُفْيَانَ فَيَلِجَ النَّارَ إِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ [6697,6696]

4752:حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ مسلمانوں میں سے جس کے تین بچے مر جائیں اسے آگ نہیں چھوئے گی مگر قسم پوری کرنے کے لئے☆۔

ایک روایت میں (فَتَمَسَّهُ النَّار کی بجائے) فَيَلِجَ النَّارَ کے الفاظ ہیں۔

4753{151}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى

4753: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے انصاری عورتوں سے فرمایا کہ تم میں سے جس عورت کے تین بچے فوت ہوئے اور وہ

4752 : اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب فضل من یموت له ولد فیحتسبه 4753 ، 4754

تخریج: بخاری کتاب العلم باب هل یجعل للنساء یومٌ .... 101 کتاب الجنائز باب فضل من مات له ولد فاحتسب 1248 ، 1249 1251 باب ما قیل فی اولاد المسلمین 1381 کتاب الایمان والنذور باب قول الله تعالیٰ واقسموا بالله جهد ایمانهم 6656 کتاب الاعتصام باب تعلیم النبی ﷺ امته من الرجال والنساء 7310 **ترمذی** کتاب الجنائز باب ماجاء فی ثواب من قدم ولداً 1060 **نسائی** کتاب الجنائز من یتوفی له ثلاثة 1873 ، 1874 ، 1875 ، 1876 **ابن ماجه** کتاب الجنائز باب ماجاء فی ثواب من أصیب بولده 1603 ، 1604 ، 1605 ، 1606

☆ **تحلة القسم** قسم پوری کی جائے عربی زبان کا محاورہ ہے جس کا مفہوم ہے بالکل نہیں۔(شرح نووی)

4753: اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب فضل من یموت له ولد فیحتسبه 4752 ، 4754 ==

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِنِسْوَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ لَا يَمُوتُ لِإِحْدَاكُنَّ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ فَتَحْتَسِبَهُ إِلَّا دَخَلَتِ الْجَنَّةَ فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ أَوِ اثْنَيْنِ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ أَوِ اثْنَيْنِ [6698]

راضی برضا ہوتو وہ جنت میں داخل ہوگی۔ اس پر ان میں سے ایک عورت نے کہا یا دو (بچے) یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے فرمایا یا دو۔

4754{152}حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ عَنْ أَبِي صَالِحٍ ذَكْوَانَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ ذَهَبَ الرِّجَالُ بِحَدِيثِكَ فَاجْعَلْ لَنَا مِنْ نَفْسِكَ يَوْمًا نَأْتِيكَ فِيهِ تُعَلِّمُنَا مِمَّا عَلَّمَكَ اللَّهُ قَالَ اجْتَمِعْنَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا فَاجْتَمَعْنَ فَأَتَاهُنَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَّمَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَهُ اللَّهُ ثُمَّ قَالَ مَا مِنْكُنَّ مِنِ امْرَأَةٍ تُقَدِّمُ بَيْنَ

4754: حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! مرد آپؐ کی ساری باتیں سُن لیتے ہیں۔ پس آپؐ بنفسِ نفیس ہم سے ملنے کے لئے کوئی ایسا دن مقرر فرمادیں جس میں ہم آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوں اور آپؐ ہمیں اس میں سے کچھ سکھائیں جو اللہ نے آپؐ کو سکھایا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ فلاں فلاں دن اکٹھی ہوجاؤ۔ چنانچہ وہ سب اکٹھی ہوئیں اور رسول اللہ ﷺ ان کے پاس تشریف لائے اور انہیں اس میں سے سکھایا جو اللہ نے آپؐ کو سکھایا تھا۔ آپؐ نے فرمایا کہ تم میں

تخریج: بخاری کتاب العلم باب هل يجعل للنساء يومٌ .... 101 كتاب الجنائز باب فضل من مات له ولد فاحتسب 1248 ، 1249 ، 1251باب ما قيل فى اولاد المسلمين 1381 كتاب الايمان والنذور باب قول الله تعالىٰ واقسموا بالله جهد ايمانهم 6656 كتاب الاعتصام باب تعليم النبى ﷺ امته من الرجال والنساء 7310 **ترمذی** كتاب الجنائز باب ماجاء فى ثواب من قدم ولدًا 1060 **نسائی** كتاب الجنائز من يتوفى له ثلاثة 1873 ، 1874 ، 1875 ، 1876 **ابن ماجه** كتاب الجنائز باب ماجاء فى ثواب من أصيب بولده 1603 ، 1604 ، 1605 ، 1606

4754: اطراف: مسلم كتاب البرّ والصلة والآداب باب فضل من يموت له ولد فيحتسبه 4752 ، 4753

تخریج: بخاری کتاب العلم باب هل يجعل للنساء يومٌ .... 101 كتاب الجنائز باب فضل من مات له ولد فاحتسب 1248 ، 1249 1251باب ما قيل فى اولاد المسلمين 1381 كتاب الايمان والنذور باب قول الله تعالىٰ واقسموا بالله جهد ايمانهم 6656 كتاب الاعتصام باب تعليم النبى ﷺ امته من الرجال والنساء 7310 **ترمذی** كتاب الجنائز باب ماجاء فى ثواب من قدم ولدًا 1060 **نسائی** كتاب الجنائز من يتوفى له ثلاثة 1873 ، 1874 ، 1875 ، 1876 **ابن ماجه** كتاب الجنائز باب ماجاء فى ثواب من أصيب بولده 1603 ، 1604 ، 1605 ، 1606

يَدَيْهَا مِنْ وَلَدِهَا ثَلَاثَةً إِلَّا كَانُوا لَهَا حِجَابًا مِنَ النَّارِ فَقَالَتِ امْرَأَةٌ وَاثْنَيْنِ وَاثْنَيْنِ وَاثْنَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاثْنَيْنِ وَاثْنَيْنِ وَاثْنَيْنِ {153} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ح و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ بِمِثْلِ مَعْنَاهُ وَزَادَا جَمِيعًا عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ ثَلَاثَةً لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ [6700,6699]

کوئی (عورت) تین بچے اپنے آگے نہیں بھیجتی مگر وہ اس کے لئے آگ سے روک بن جاتے ہیں۔ اس پر ایک عورت نے عرض کیا اور (اگر) دو ہوں، دو ہوں، دو ہوں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (خواہ) دو ہوں، دو ہوں، دو ہوں۔

ایک روایت میں ہے حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ تین (بچے) جو بالغ نہ ہوئے ہوں۔

4755{154} حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى وَتَقَارَبَا فِي اللَّفْظِ قَالَا حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي السَّلِيلِ عَنْ أَبِي حَسَّانَ قَالَ قُلْتُ لِأَبِي هُرَيْرَةَ إِنَّهُ قَدْ مَاتَ لِيَ ابْنَانِ فَمَا أَنْتَ مُحَدِّثِي عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَدِيثٍ تُطَيِّبُ بِهِ أَنْفُسَنَا عَنْ مَوْتَانَا قَالَ قَالَ نَعَمْ صِغَارُهُمْ دَعَامِيصُ الْجَنَّةِ يَتَلَقَّى أَحَدُهُمْ أَبَاهُ أَوْ قَالَ أَبَوَيْهِ فَيَأْخُذُ بِثَوْبِهِ أَوْ قَالَ بِيَدِهِ كَمَا آخُذُ أَنَا بِصَنِفَةِ ثَوْبِكَ هَذَا فَلَا يَتَنَاهَى أَوْ قَالَ فَلَا يَنْتَهِي

4755: ابو حسان بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہؓ سے پوچھا کہ میرے دو بیٹے مر گئے ہیں اور آپؓ ہمیں رسول اللہ ﷺ کی کوئی ایسی حدیث نہیں بتاتے جس سے آپ ہمیں ہمارے وفات یافتگان کے بارہ میں خوش کردیں۔ وہ کہتے ہیں حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا ہاں ان کے چھوٹے (بچے) تو جنت کی چھوٹی مچھلیاں ہیں۔ جب ان میں سے کوئی اپنے باپ یا کہا کہ اپنے والدین سے ملے گا تو وہ اس کے کپڑے کو پکڑے گا یا کہا کہ اس کا ہاتھ پکڑے گا جیسے میں تمہارے اس کپڑے کے پلو کو پکڑے ہوئے ہوں وہ اس وقت تک باز نہیں آئے

حَتَّى يُدْخِلَهُ اللَّهُ وَأَبَاهُ الْجَنَّةَ وَفِي رِوَايَةِ سُوَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو السَّلِيلِ و حَدَّثَنِيه عُبَيْدُ اللَّه بْنُ سَعِيد حَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ سَعِيد عَنِ التَّيْمِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَاد وَقَالَ فَهَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ شَيْئًا تُطَيِّبُ بِه أَنْفُسَنَا عَنْ مَوْتَانَا قَالَ نَعَمْ [6702,6701]

گا یا کہا نہیں ہوگا جب تک اللہ اسے اور اس کے باپ کو جنت میں داخل نہ کر دے۔

ایک اور روایت میں ہے ابو حسان کہتے ہیں کہ کیا آپؓ نے رسول اللہ ﷺ سے کوئی ایسی بات سنی ہے جو ہمیں ہمارے وفات یافتگان کی طرف سے خوش کر دے۔ انہوں نے کہا ہاں۔

4756{155} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْد اللَّه بْنِ نُمَيْرٍ وَأَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا حَفْصٌ يَعْنُونَ ابْنَ غِيَاث ح و حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ جَدِّه طَلْقِ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أَتَتِ امْرَأَةٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ بِصَبِيٍّ لَهَا فَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللَّه ادْعُ اللَّهَ لَهُ فَلَقَدْ دَفَنْتُ ثَلَاثَةً قَالَ دَفَنْت ثَلَاثَةً قَالَتْ نَعَمْ قَالَ لَقَدِ احْتَظَرْتِ بِحِظَارٍ شَدِيدٍ مِنَ النَّارِ قَالَ عُمَرُ مِنْ بَيْنِهِمْ عَنْ جَدِّه و قَالَ الْبَاقُونَ عَنْ طَلْقٍ وَلَمْ يَذْكُرُوا الْجَدَّ [6703]

4756: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک عورت اپنے بچہ کے ساتھ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا اے اللہ کے نبیؐ! اس کے لئے اللہ سے دعا کیجئے تین (بچوں) کو میں دفنا چکی ہوں۔ آپؐ نے فرمایا تین (بچوں) کو دفنا چکی ہو! اس نے عرض کیا جی ہاں۔ آپؐ نے فرمایا تم نے تو آگ سے بچاؤ کے لئے بڑی مضبوط روک بنالی ہے۔

4756 : اطراف : مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب فضل من يموت له ولد فيحتسبه 4757

تخريج : نسائی کتاب الجنائز من قدّم ثلاثة 1877

4757{156}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ طَلْقِ بْنِ مُعَاوِيَةَ النَّخَعِيِّ أَبِي غِيَاثٍ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَتْ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنٍ لَهَا فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهُ يَشْتَكِي وَإِنِّي أَخَافُ عَلَيْهِ قَدْ دَفَنْتُ ثَلَاثَةً قَالَ لَقَدِ احْتَظَرْتِ بِحِظَارٍ شَدِيدٍ مِنَ النَّارِ قَالَ زُهَيْرٌ عَنْ طَلْقٍ وَلَمْ يَذْكُرِ الْكُنْيَةَ [6704]

4757: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک عورت اپنے بچہ کے ساتھ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! یہ بیمار ہے اور اس کے بارہ میں مجھے اندیشہ ہے کیونکہ میں تین (بچوں) کو دفن کر چکی ہوں۔ آپؐ نے فرمایا تم نے آگ سے بچاؤ کے لئے بڑی مضبوط روک بنالی ہے۔

[48]48:بَاب إِذَا أَحَبَّ اللَّهُ عَبْدًا حَبَّبَهُ إِلَى عِبَادِهِ

باب: جب اللہ کسی بندہ سے محبت کرتا ہے تو اسے اپنے بندوں کا (بھی) محبوب بنا دیتا ہے

4758{157} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ إِذَا أَحَبَّ عَبْدًا دَعَا جِبْرِيلَ فَقَالَ إِنِّي أُحِبُّ فُلَانًا فَأَحِبَّهُ قَالَ فَيُحِبُّهُ جِبْرِيلُ ثُمَّ يُنَادِي فِي السَّمَاءِ فَيَقُولُ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ فُلَانًا فَأَحِبُّوهُ فَيُحِبُّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ قَالَ ثُمَّ يُوضَعُ لَهُ الْقَبُولُ فِي الْأَرْضِ وَإِذَا

4758: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب اللہ کسی بندہ سے محبت کرتا ہے تو جبرائیل کو بلاتا ہے اور کہتا ہے میں فلاں سے محبت کرتا ہوں، تو بھی اس سے محبت کر۔ فرمایا تو جبرائیل اس سے محبت کرنے لگتا ہے پھر وہ آسمان میں منادی کرتے ہوئے کہتا ہے اللہ فلاں سے محبت کرتا ہے تم بھی اس سے محبت کرو۔ تو آسمان والے اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر اس کے لئے

4757 : اطراف : مسلم كتاب البرّ والصلة والآداب باب فضل من يموت له ولد فيحتسبه 4756

تخريج : نسائی كتاب الجنائز من قدّم ثلاثة 1877

4758 : تخريج : بخاری كتاب بدء الخلق باب ذكر الملائكة صلوات الله عليهم 3209 كتاب الادب باب المقة من الله تعالىٰ 6040 كتاب التوحيد باب كلام الربّ تعالىٰ مع جبريل... 7485 ترمذی كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة مريم 3161

أَبْغَضَ عَبْدًا دَعَا جِبْرِيلَ فَيَقُولُ إِنِّي أُبْغِضُ فُلَانًا فَأَبْغِضْهُ قَالَ فَيُبْغِضُهُ جِبْرِيلُ ثُمَّ يُنَادِي فِي أَهْلِ السَّمَاءِ إِنَّ اللَّهَ يُبْغِضُ فُلَانًا فَأَبْغِضُوهُ قَالَ فَيُبْغِضُونَهُ ثُمَّ تُوضَعُ لَهُ الْبَغْضَاءُ فِي الْأَرْضِ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقَارِيَّ وَقَالَ قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي الدَّرَاوَرْدِيَّ ح و حَدَّثَنَاه سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْثَرٌ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ح و حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي مَالِكٌ وَهُوَ ابْنُ أَنَسٍ كُلُّهُمْ عَنْ سُهَيْلٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّ حَدِيثَ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ لَيْسَ فِيهِ ذِكْرُ الْبُغْضِ{158}حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ الْمَاجِشُونُ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ قَالَ كُنَّا بِعَرَفَةَ فَمَرَّ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَهُوَ عَلَى الْمَوْسِمِ فَقَامَ النَّاسُ يَنْظُرُونَ إِلَيْهِ فَقُلْتُ لِأَبِي يَا أَبَتِ إِنِّي أَرَى اللَّهَ يُحِبُّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ وَمَا ذَاكَ قُلْتُ لِمَا لَهُ مِنَ الْحُبِّ فِي قُلُوبِ النَّاسِ فَقَالَ بِأَبِيكَ أَنْتَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

زمین میں مقبولیت رکھ دی جاتی ہے اور جب وہ کسی بندہ سے نفرت کرتا ہے۔تو جبرائیل کو بلاتا ہے اور فرماتا ہے کہ میں فلاں کو ناپسند کرتا ہوں تو (بھی) اس کو ناپسند کر۔فرمایا تو جبرائیل (بھی) اس کو ناپسند کرتا ہے پھر وہ آسمان والوں میں منادی کرتا ہے کہ یقیناً اللہ فلاں کو پسند نہیں کرتا تم بھی اس کو ناپسند کرو۔فرمایا کہ وہ بھی اس کو ناپسند کرنے لگتے ہیں۔پھر زمین میں اس کے لئے نفرت رکھ دی جاتی ہے۔

ایک اور روایت میں ناپسندیدگی کا بیان نہیں ہے اور ایک روایت میں سہیل بن ابی صالح بیان کرتے ہیں کہ ہم عرفہ کے مقام پر تھے کہ عمر بن عبدالعزیزؒ جو اس سال امیر الحجاج تھے گزرے تو لوگ کھڑے ہوکر انہیں دیکھنے لگے۔میں نے اپنے والد سے کہا اے میرے باپ مجھے یقین ہے کہ اللہ عمرؒ بن عبدالعزیز سے محبت کرتا ہے۔انہوں نے کہا وہ کیسے؟ میں نے کہا کیونکہ لوگوں کے دلوں میں ان کی بڑی محبت ہے۔انہوں نے کہا تیرا باپ تجھ پر قربان۔میں نے حضرت ابو ہریرہؓ کو رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہوئے سنا۔باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ جَرِيرٍ عَنْ سُهَيْلٍ [6707,6706,6705]

[49]49:بَاب : الْأَرْوَاحُ جُنُودٌ مُجَنَّدَةٌ

باب: ارواح لشکر ہیں جو باہمی ربط رکھتے ہیں

4759{159}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْأَرْوَاحُ جُنُودٌ مُجَنَّدَةٌ فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ [6708]

4759: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ روحیں لشکر ہیں جو باہم ربط رکھتے ہیں۔ پس ان میں سے جن کی ایک دوسرے سے پہچان ہو جائے تو الفت ہو جاتی ہے اور جن کی آپس میں پہچان نہ ہو تو (ان میں) اختلاف ہو جاتا ہے۔

4760{160} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ الْأَصَمِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ بِحَدِيثٍ يَرْفَعُهُ قَالَ النَّاسُ مَعَادِنُ كَمَعَادِنِ الْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ خِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الْإِسْلَامِ إِذَا فَقُهُوا

4760: حضرت ابو ہریرہؓ سے ایک حدیث مروی ہے جسے وہ مرفوع بیان کرتے ہیں کہ لوگ چاندی اور سونے کی معدنیات کی طرح ہیں ان میں سے جو جاہلیت میں اچھے تھے وہ اسلام میں (بھی) اچھے ہیں بشرطیکہ (وہ دین میں) سمجھ بوجھ رکھیں۔ اور روحیں لشکر ہیں جو باہمی ربط رکھتے ہیں جن کا آپس

4759 : اطراف:مسلم كتاب الفضائل باب من فضائل يوسف 4369 كتاب فضائل الصحابة باب خيار الناس 4574 كتاب البرّ والصلة والآداب باب الارواح جنود مجندة 4760

تخريج : ابوداؤد كتاب الادب باب من يؤمر ان يجالس 4834

4760 : اطراف:مسلم كتاب الفضائل باب من فضائل يوسف 4369 كتاب فضائل الصحابة باب خيار الناس 4574 كتاب البرّ والصلة والآداب باب الارواح جنود مجندة 4759

تخريج : بخاری كتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالىٰ واتخذ الله ابراهيم خليلاً 3353 باب ام كنتم شهداء اذ حضر يعقوب الموت ... 3374 باب قول الله تعالىٰ لقد كان في يوسف واخوته ... 3383 كتاب المناقب باب قول الله تعالىٰ يايها الناس انّا خلقنكم من ذكر و انثى ... 3493 كتاب التفسير باب قوله لقد كان في يوسف واخوته آيات للسائلين 4689 **ابوداؤد** كتاب الادب باب من يؤمر ان يجالس 4834

وَالْأَرْوَاحُ جُنُودٌ مُجَنَّدَةٌ فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ [6709]

میں تعارف ہوجاتا ہے تو آپس میں الفت رکھتے ہیں اور ان میں سے جن کا تعارف نہیں ہوتا آپس میں اختلاف رکھتے ہیں۔

[50]50:بَاب : الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

باب: آدمی اس کے ساتھ ہے جس سے اس نے محبت کی

4761{161} حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ إِسْحَقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ أَعْرَابِيًّا قَالَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَتَى السَّاعَةُ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَعْدَدْتَ لَهَا قَالَ حُبَّ اللَّهِ وَرَسُولِهِ قَالَ أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ [6710]

4761:حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک بدوی نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ وہ گھڑی کب آئے گی؟ رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا تم نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے جواب دیا اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت۔ آپؐ نے فرمایا کہ تو اس کے ساتھ ہے جس سے تو نے محبت کی۔

4762{162} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ

4762:حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! وہ گھڑی کب

4761 : اطراف:مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب المرء مع من احبّ 4762، 4763، 4764، 4765

تخریج : بخاری کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب عمر بن الخطاب ... 3688 کتاب الادب باب ما جاء فی قول الرجل ویلک 6167 باب علامة الحبّ فی الله عزّوجل 6168، 6169، 6170، 6171 کتاب الاحکام باب القضاء والفتیا فی الطریق 7153 **ترمذی** کتاب الزهد باب ماجاء انّ المرء مع من احب2385، 2386، 2387 **ابو داؤد** کتاب الادب باب الرجل یحب الرجل علی خیر یراه 5126، 5127

4762 : اطراف:مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب المرء مع من احبّ 4761، 4763، 4764، 4765

تخریج : بخاری کتاب المناقب عمر بن الخطاب ... 3688 کتاب الادب باب ما جاء فی قول الرجل ویلک 6167 باب علامة الحبّ فی الله عزّوجل 6168، 6169، 6170، 6171 کتاب الاحکام باب القضاء والفتیا فی الطریق 7153 **ترمذی** کتاب الزهد باب ماجاء انّ المرء مع من احب 2385، 2386، 2387 **ابو داؤد** کتاب الادب باب الرجل یحب الرجل علی خیر یراه 5126 5127

بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَتَى السَّاعَةُ قَالَ وَمَا أَعْدَدْتَ لَهَا فَلَمْ يَذْكُرْ كَبِيرًا قَالَ وَلَكِنِّي أُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ قَالَ فَأَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنَا وَقَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَعْرَابِ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ مَا أَعْدَدْتُ لَهَا مِنْ كَثِيرٍ أَحْمَدُ عَلَيْهِ نَفْسِي [6712,6711]

آئے گی؟ آپؐ نے فرمایا تو نے اس کے لئے تیاری کیا کی ہے؟ اس نے کسی بڑی (نیکی) کا ذکر نہیں کیا۔ اس نے کہا لیکن میں اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا پھر تم اس کے ساتھ ہو جس سے تم نے محبت کی۔

ایک روایت میں ہے کہ ایک بدوی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے مگر اس میں یہ اضافہ ہے کہ میں نے بہت تیاری نہیں کی جس پر مَیں اپنے نفس کی تعریف کرسکوں۔

4763{163} حَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَتَى السَّاعَةُ قَالَ وَمَا أَعْدَدْتَ لِلسَّاعَةِ قَالَ حُبَّ اللَّهِ وَرَسُولِهِ

4763: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! وہ گھڑی کب ہوگی؟ آپؐ نے فرمایا تم نے اس گھڑی کے لئے تیاری کیا کی ہے؟ اس نے کہا کہ اللہ اور اس کے رسولؐ کی محبت۔ آپؐ نے فرمایا پھر یقیناً تم اس کے ساتھ ہو جس سے

4763 : **اطراف**: **مسلم** كتاب البرّ والصلة والآداب باب المرء مع من احبّ 4761، 4762، 4764، 4765

تخريج : **بخارى** كتاب المناقب عمر بن الخطاب ... 3688 كتاب الادب باب ما جاء فى قول الرجل ويلك 6167 باب علامة الحبّ فى الله عزّوجل 6168، 6169، 6170، 6171 كتاب الاحكام باب القضاء والفتيا فى الطريق 7153 **ترمذى** كتاب الزهد باب ماجاء انّ المرء مع من احب 2385، 2386، 2387 **ابوداؤد** كتاب الادب باب الرجل يحب الرجل على خير يراه 5126 5127

قَالَ فَإِنَّكَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ قَالَ أَنَسٌ فَمَا فَرِحْنَا بَعْدَ الْإِسْلَامِ فَرَحًا أَشَدَّ مِنْ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّكَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ قَالَ أَنَسٌ فَأَنَا أُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ فَأَرْجُو أَنْ أَكُونَ مَعَهُمْ وَإِنْ لَمْ أَعْمَلْ بِأَعْمَالِهِمْ حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْغُبَرِيُّ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَذْكُرْ قَوْلَ أَنَسٍ فَأَنَا أُحِبُّ وَمَا بَعْدَهُ [6714,6713]

تم نے محبت کی۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ ہمیں اسلام لانے کے بعد کسی بات سے اتنی خوشی نہیں ہوئی جتنی نبی ﷺ کے اس قول سے خوشی ہوئی کہ یقیناً تم اس کے ساتھ ہو جس سے تم نے محبت کی۔ حضرت انسؓ نے کہا کہ میں اللہ اور اس کے رسولؐ سے ابوبکرؓ اور عمرؓ سے محبت کرتا ہوں اور امید رکھتا ہوں کے ان کے ساتھ رہوں گا خواہ ان کی طرح اعمال نہ بھی کئے ہوں۔

ایک روایت میں حضرت انسؓ کے قول أُحِبُّ اور اس کے بعد کے الفاظ نہیں ہیں۔

4764{164} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ بَيْنَمَا أَنَا وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَارِجَيْنِ مِنَ الْمَسْجِدِ فَلَقِينَا رَجُلًا عِنْدَ سُدَّةِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَتَى السَّاعَةُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَعْدَدْتَ لَهَا قَالَ فَكَأَنَّ الرَّجُلَ اسْتَكَانَ ثُمَّ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا

4764: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اور میں مسجد سے باہر نکل رہے تھے کہ ہم مسجد کے دروازے پر ایک آدمی سے ملے اس نے کہا یا رسولؐ اللہ! وہ گھڑی کب آئے گی؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم نے اس کے لئے تیاری کیا کی ہے؟ راوی کہتے ہیں یہ سن کر گویا وہ شخص دم بخود ہو گیا۔ پھر اس نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں نے اس کے لئے بہت زیادہ نماز یا روزہ یا صدقہ نہیں کیا لیکن میں اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا تو پھر تم اس کے ساتھ ہو جس

4764 : اطراف : مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب المرء مع من احبّ 4761، 4762، 4763، 4765

تخریج : بخاری کتاب المناقب عمر بن الخطاب ... 3688 کتاب الادب باب ما جاء فی قول الرجل ویلک 6167 باب علامة الحبّ فی الله عزّوجل 6168، 6169، 6170، 6171 کتاب الاحکام باب القضاء والفتیا فی الطریق 7153 **ترمذی** کتاب الزهد باب ماجاء انّ المرء مع من احب 2385، 2386، 2387 **ابوداؤد** کتاب الادب باب الرجل یحب الرجل علی خیر یراه 5126 5127

أَعْدَدْتُ لَهَا كَبِيرَ صَلَاةٍ وَلَا صِيَامٍ وَلَا صَدَقَةٍ وَلَكِنِّي أُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ قَالَ فَأَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْيَشْكُرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ جَبَلَةَ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ سَمِعْتُ أَنَسًا ح و حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُعَاذٌ يَعْنِي ابْنَ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْحَدِيثِ [6717,6716,6715]

سے تم نے محبت کی۔

4765{165} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا

4765: حضرت عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یارسولؐ اللہ! آپؐ کا اس شخص کے بارہ میں کیا خیال ہے جس نے کسی قوم سے محبت کی لیکن وہ ان سے ابھی تک نہیں ملا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ آدمی

4765 : اطراف: مسلم کتاب البرّ والصلة والآداب باب المرء مع من احبّ 4761 ، 4762 ، 4763 ، 4764

تخریج : بخاری کتاب المناقب عمر بن الخطاب ... 3688 کتاب الادب باب ما جاء فی قول الرجل ویلک 6167 باب علامة الحبّ فی الله عزّوجل 6168 ، 6169 ، 6170 ، 6171 کتاب الاحکام باب القضاء والفتیا فی الطریق 7153 **ترمذی** کتاب الزهد باب ماجاء انّ المرء مع من احب 2385 ، 2386 ، 2387 **ابوداؤد** کتاب الادب باب الرجل یحب الرجل علی خیر یراه 5126 5127

رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ تَرَى فِي رَجُلٍ أَحَبَّ قَوْمًا وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ ح و حَدَّثَنِيهِ بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبُو الْجَوَّابِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ جَمِيعًا عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ جَرِيرٍ عَنِ الْأَعْمَشِ [6720,6719,6718]

اس کے ساتھ (ہی) ہے جس سے اس نے محبت کی۔

[51]51: بَاب: إِذَا أُثْنِيَ عَلَى الصَّالِحِ فَهِيَ بُشْرَى وَلَا تَضُرُّهُ

باب: اگر نیک شخص کی تعریف کی جائے تو یہ خوشخبری ہے اور وہ اسے نقصان نہ دے گی

4766{166} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ وَأَبُو الرَّبِيعِ وَأَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ وَاللَّفْظُ لِيَحْيَى قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا و

4766: حضرت ابو ذرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ آپؐ کا اس شخص کے بارہ میں کیا خیال ہے جو نیک کام

4766 : تخریج : ابن ماجه كتاب الزهد باب الثناء الحسن 4225

قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قِيلَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَأَيْتَ الرَّجُلَ يَعْمَلُ الْعَمَلَ مِنَ الْخَيْرِ وَيَحْمَدُهُ النَّاسُ عَلَيْهِ قَالَ تِلْكَ عَاجِلُ بُشْرَى الْمُؤْمِنِ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ وَكِيعٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنِي عَبْدُ الصَّمَدِ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا النَّضْرُ كُلُّهُمْ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ بِإِسْنَادِ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ بِمِثْلِ حَدِيثِهِ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِهِمْ عَنْ شُعْبَةَ غَيْرَ عَبْدِ الصَّمَدِ وَيُحِبُّهُ النَّاسُ عَلَيْهِ وَفِي حَدِيثِ عَبْدِ الصَّمَدِ وَيَحْمَدُهُ النَّاسُ كَمَا قَالَ حَمَّادٌ [6722,6721]

کرتا ہے اور لوگ اس کی تعریف کرتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا یہ مومن کو جلد ملنے والی خوشخبری ہے۔

ایک روایت میں (يَحْمَدُهُ کی بجائے) يُحِبُّهُ النَّاسُ کے الفاظ ہیں۔

الحمدللہ تیرہویں جلد مکمل ہوئی۔ چودہویں جلد ''کتاب القدر'' سے شروع ہوگی۔ ان شاء اللہ

❁❁❁

انڈیکس

آیات قرآنیہ

❁❁❁

احاديث

حروف تہجی کے اعتبار سے

❁❁❁

مضامین

صدقہ/صدقات

صدیق

غیرت

ف،ق،ک،گ،ل

فتح

فرشتے/جبریل

فضائل

قریش

قسم

قطع رحمی

قمیص

قوی

قیدی

قیامت/الساعۃ

مومن

مؤاخات

مہمان نوازی

ناراض

نبی/انبیاءؑ

نذر

نرمی/رفق

❁❁❁

اسماء

❁❁❁

مقامات

کتابیات

قرآن کریم

بخاری

ترمذی

نسائی

ابوداؤد

ابن ماجہ

براہین احمدیہ روحانی خزائن جلد اول 175

شرح مسلم للنووی 84 ، 153، 294

اکمال اکمال المعلم شرح صحیح مسلم 201

لسان العرب 180

❁❁❁